# جنرل نالج 1









سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ، جام شورو

www.perfect24u.com

جُملہ حقوق بحقّ سِندھ ٹیکسٹ بُک بورڈ، جامشورو محفوظ ہیں۔
تیار کردہ: سندھ ٹیکسٹ بُک بورڈ، جامشورو۔
منظور شدہ: صوبائی محکمہ تعلیم وخواندگی، حکومتِ سندھ۔
بمراسلہ نمبر S.O (B&U) 6-60-2005 تاریخ 21-03-2013
بطور واحد جنرل نالج کتاب برائے مدارسِ صوبہ سندھ۔
صوبائی کمیٹی برائے جائزہ کتب بیورو آف کریکیولم سندھ، جامشورو کی تصحیح شدہ۔

**نگرانِ اعلیٰ**
**آغا سہیل احمد**
چیئرمین، سندھ ٹیکسٹ بُک بورڈ

**مُصنّفین**
پروفیسر ڈاکٹر برناڈیٹ ایل۔ڈین
☆ مسز کنول زاہد ☆ مسز عروسہ حفیظ
☆ مسز شبنم خان ☆ مسز عطیہ ناز

**مترجم**
مسز شاداب ندیم

**اراکین جائزہ کمیٹی**
☆ پروفیسر تنویر احمد ☆ پروفیسر پیارو خان سہارن
☆ پروفیسر خلیل احمد کورائی ☆ قائم الدین بلال
☆ خالد محمود میمن ☆ محمد بخش کھوکھر
☆ محمد جاوید ☆ محمد عارف لودھی

**نگران**
علی محمد ساہڑ
عبدالودود

www.perfect24u.com

عزیز اساتذہ!

جنرل نالج کی یہ درسی کتاب برائے جماعت اول نئے تعلیمی نصاب۔2006 کے عین مطابق لکھی گئی ہے۔ اس کتاب کا مقصد طلبہ میں معلوماتِ عامہ سے متعلق دانش، مہارت مع اقدار مہیا کرنا ہے تاکہ اگلی جماعتوں میں مزید مطالعے کی بنیاد استوار ہوسکے۔

یہ درسی کتاب کیوں اور کیسے تیار کی گئی؟

یہ کتاب کئی حصوں پر مشتمل ہے۔ جس کے ہر حصہ میں کئی ابواب ہیں اور ہر باب کا تعلق کسی مخصوص موضوع سے ہے۔ تحقیق سے معلوم ہوتا ہے کہ طلبہ میں سیکھنے کا رجحان مختلف طریقوں سے ہوتا ہے لیکن سب سے زیادہ فعال طریقہ انہیں ایسی سرگرمیوں میں مصروف رکھنا ہے جو کہ متعلقہ تصورات کو سمجھنے، ان کی صلاحیتوں مع اقدار کو فروغ دینے میں معاون ثابت ہوسکیں۔ اس مقصد کے حصول کے لیے ہر باب میں مواد سے متعلق سرگرمیاں شامل کی گئی ہیں۔ ضروری ہے کہ بچے اپنی پوشیدہ صلاحیتوں (لکھنا، پڑھنا، سننا، بولنا اور سمجھنا) کی مدد سے ان سرگرمیوں سے مہارت حاصل کریں۔ عین ممکن ہے کہ طلبہ متعلقہ مواد کو بروئے کار لاتے ہوئے ابواب میں شامل تصورات کو مزید مضبوط کرسکیں۔ چونکہ تمام بچے کلیدی تصورات و خیالات یکبار نہیں سمجھ سکتے لہٰذا انہیں مشق کی ضرورت ہوتی ہے۔ اسی لیے ہر باب کے اختتام پر متعلقہ مشقیں رکھی گئیں ہیں۔ یہ مشقیں بچوں کی فہمی صلاحیتوں کا لحاظ رکھتے ہوئے بالخصوص تیار کی گئیں ہیں تاکہ وہ کلیدی تصورات، ہنر اور اقدار میں مزید نکھار لاسکیں۔

اس درسی کتاب سے کس طرح استفادہ حاصل کیا جائے؟

تدریسی عمل شروع کرنے سے قبل آپ اساتذہ اس کتاب کے متن اور اندرونی صفحات کے ذیلی حاشیے پر موجود ہدایات کو بغور پڑھ لیں۔ بحیثیت اُستاد یقیناً آپ اپنے خیالات، مشاہدات، تجربات اور معلومات کے حامل ہونگے اور لازماً اپنے طلبہ اور ان کے ماحول کے حوالے سے زیادہ آگاہ ہونگے اس لیے دورانِ تدریس آپ اپنے تناظر میں دیگر متعلقہ مثالیں بھی شامل کرسکتے ہیں۔ ضرورتاً یا اضافی طور پر کتاب میں دی گئی سرگرمیوں کو اپنے تجربات کی کی روشنی میں نئے انداز سے بھی پیش کرسکتے ہیں۔

ضرورت اس امر کی ہے کہ دورانِ تدریس طلبہ ہی متن کو پڑھیں اور کتاب میں موجود سرگرمیوں کو انجام دیں جبکہ آپ کلاس میں اردگرد ٹہل کر ان کے کام کا جائزہ لیں اور بھرپور حوصلہ افزائی کریں۔

طلبہ کے مطالعہ کو کیسے جانچا جائے؟

طلبہ کے مطالعے کا اندازہ لگانے کے لیے آزمائشی امتحانات لیے جاتے ہیں تاکہ معلوم ہو کہ بچے کس حد تک سیکھ چکے ہیں۔ اس سلسلے میں باب میں موجود مشق اس مقصد کو پورا کرے گی اور عملی سرگرمیوں کے سوالات نا صرف معلومات حاصل کرنے بلکہ مہارت مع اقدار میں معاون ثابت ہونگے۔

ہم تمام نیک تمناؤں کے ساتھ اُمید کرتے ہیں کہ بچے آپ کی تدریسی کاوشوں اور اس کتاب سے بھرپور فائدہ حاصل کرسکیں گے۔

مصنفین

www.perfect24u.com

# فہرست


| باب نمبر | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| پہلا یونٹ | ہمارے عقائد | |
| پہلا باب | ہمارا خالق | 1 |
| دوسرا باب | ہمارے نبی علیہم السّلام | 2 |
| تیسرا باب | آسمانی کتابیں | 3 |
| چوتھا باب | حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم | 4 |
| پانچواں باب | عبادت | 5 |
| چھٹا باب | نماز | 6 |
| دوسرا یونٹ | زمین اور آسمان | |
| پہلا باب | زمین | 9 |
| دوسرا باب | آسمان | 10 |
| تیسرا یونٹ | مجھ سے ملیے | |
| پہلا باب | میں کون ہوں؟ | 13 |
| دوسرا باب | میرا جسم | 14 |
| تیسرا باب | صاف ستھرا رہنا | 15 |
| چوتھا باب | اچھے آداب | 16 |
| پانچواں باب | ہم یہ کھیل کھیلتے ہیں | 18 |
| چھٹا باب | مجھے کیا کام پسند ہے | 20 |
| چوتھا یونٹ | خاندان | |
| پہلا باب | میرا خاندان | 25 |
| دوسرا باب | گھریلو رشتے | 27 |
| تیسرا باب | ہمارا گھر | 28 |
| چوتھا باب | اپنی زندگی اور خاندان کی تاریخ | 30 |
| پانچواں باب | خوراک جو ہم کھاتے ہیں | 31 |
| پانچواں یونٹ | محلّے داری | |
| پہلا باب | ہمارا محلّہ | 34 |
| دوسرا باب | ہمارے محلّے کی دکانیں | 35 |
| تیسرا باب | ہمارے محلّے کا پارک | 36 |
| چوتھا باب | ہمارا اسکول | 38 |


www.perfect24u.com

| | | |
|---|---|---|
| پانچواں باب | ہمارا صحت مرکز | 40 |
| چھٹا باب | ہمارے محلّے کی مسجد | 42 |
| ساتواں باب | اپنے محلّے کو صاف ستھرا رکھنا | 43 |
| آٹھواں باب | معاشرتی تعلقات | 45 |
| چھٹا یونٹ | پودے اور جانور | |
| پہلا باب | پودے | 50 |
| دوسرا باب | پودوں کے حصّے | 51 |
| تیسرا باب | پودوں کو بڑھنے کے لیے کِن کِن چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے؟ | 52 |
| چوتھا باب | پودے کیوں ضروری ہیں؟ | 54 |
| پانچواں باب | ہمارے استعمال کی بہت سی چیزیں پودوں سے بنتی ہیں | 56 |
| چھٹا باب | جانور | 57 |
| ساتواں باب | جانوروں کی خوراک | 59 |
| آٹھواں باب | گھریلو جانور | 60 |
| نواں باب | باڑہ (فارم)، پالتو اور جنگلی جانور | 61 |
| دسواں باب | جانوروں کی دیکھ بھال | 63 |
| گیارہواں باب | جانوروں کی اہمیت | 64 |
| ساتواں یونٹ | ہمارے اِرد گرد کی چیزیں | |
| پہلا باب | چیزیں مختلف جسامت کی ہوتی ہیں | 72 |
| دوسرا باب | چیزیں مختلف شکل کی ہوتی ہیں | 73 |
| تیسرا باب | چیزیں مختلف ساخت کی ہوتی ہیں | 74 |
| چوتھا باب | چیزیں مختلف وزن کی ہوتی ہیں | 75 |
| پانچواں باب | چیزیں مختلف مادّوں سے بنائی ہوتی ہیں | 77 |
| چھٹا باب | کچھ چیزیں آواز بناتی ہیں | 79 |
| ساتواں باب | کچھ چیزیں روشنی دیتی ہیں | 81 |
| آٹھواں یونٹ | موسم اور سال کے موسم | |
| پہلا باب | موسم | 85 |
| دوسرا باب | موسم کا اندازہ لگانا (پیشن گوئی) | 87 |
| تیسرا باب | سال کے موسم | 88 |
| نواں یونٹ | آمدورفت | |
| پہلا باب | ذرائع آمدورفت | 92 |
| دوسرا باب | ٹریفک کے اشارے | 95 |


www.perfect24u.com

# پیش لفظ

سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ کا اپنے قیام سے تا حال یہ ہی نظریہ کارفرما رہا ہے کہ سندھ کے بچوں کے لیے معیاری، سستی اور وقت پر درسی کُتب کا اجراء کیا جاسکے۔ نیز اِس ادارے کے نزدیک درسی کُتب کے معیار کو مدِ نظر رکھتے ہوئے نسلِ نو کو دنیا کے بدلتے ہوئے حالات کے مطابق ایسا شعور اور آگہی دینا ہے جس کے ذریعے اُن میں اسلامی نظریہ، اچھی سیرت ، اچھا کردار، حب الوطنی ، فرض شناسی ، اخوت اور بھائی چارے کے جذبات پروان چڑھیں۔ یہ سب کچھ تب ممکن ہوگا، جب اُن کی دورِ جدید میں سائنسی، تکنیکی، اسلامی، معاشرتی، معاشی اور اخلاقی علوم پر گرفت مضبوط ہو تاکہ وہ مستقبل میں اپنی اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے ایک کامیاب، باشعور اور باکردار زندگی بسر کر کے ملک وقوم کے اچھے شہری بن سکیں۔ کیونکہ مستقبل میں ملک کی باگ ڈور انھیں ہی سنبھالنا ہے۔

اس قومی مقصد کو پایہ تکمیل تک پہچانے کے لیے سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ نے یہ کتاب ''جنرل نالج'' (معلومات عامہ) بچوں کے لیے نہایت ہی تجربہ کار اور سینیئر اساتذہ سے نئے نصاب کے عین مطابق تیار کروا کر شائع کی ہے۔ادارے کو قوی اُمید ہے کہ اس کتاب سے تمام متعلقہ اساتذہ، طلبہ اور اسٹیک ہولڈر حضرات بھرپور استفادہ حاصل کریں گے۔

آخر میں یہ بھی گزارش ہے کہ اس کتاب کے حوالے سے اگر کوئی مثبت تجاویز ہوں تو ادارے کو اپنی آراء ارسال فرمائیں تاکہ آئندہ اشاعت میں انھیں زینتِ کتاب بنایا جاسکے۔

چیئرمین
سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ

www.perfect24u.com

مفت تقسیم کے لئے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

## پہلا یونٹ ہمارے عقائد

### پہلا باب

# ہمارا خالق

اللہ ایک ہے۔

اللہ پیدا کرنے والا ہے۔

اللہ نے ہر چیز کو پیدا کیا ہے۔








**سرگرمی:**

1۔ تصاویر دیکھ کر چار چیزوں کے نام لکھیے۔

(i) ____________ (ii) ____________

(iii) ____________ (iv) ____________

2۔ اللہ کی بنائی ہوئی دو چیزوں اور انسانوں کی بنائی ہوئی دو چیزوں کی تصاویر بنایئے۔

| | |
|---|---|
| | |

**اساتذہ کے لیے ہدایت:** طلبہ سے اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کے بارے میں بات کریں اور مسلمان طلبہ کو کلمہ پاک، تعوّذ اور تسمیہ معنی کے ساتھ سکھائیں۔



www.perfect24u.com

دوسرا باب

# ہمارے نبی علیہم السّلام

اللہ نے بہت سے نبیوں کو بھیجا۔

اللہ نے نبیوں کو ہماری رہنمائی کے لیے بھیجا۔

اللہ نے نبیوں کو صحیح اور غلط بتانے کے لیے بھیجا۔

حضرت آدم علیہ السلام پہلے نبی تھے۔

حضرت محمّد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے آخری نبی ہیں۔

## کچھ مشہور نبیوں کے نام یہ ہیں۔

| | |
|---|---|
| حضرت آدم علیہ السلام | حضرت ابراہیم علیہ السلام |
| حضرت داؤد علیہ السلام | حضرت موسیٰ علیہ السلام |
| حضرت عیسیٰ علیہ السلام | حضرت محمّد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم |

**سرگرمی:**

1۔ نیچے دیے گئے ناموں میں سے منتخب کرکے مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات لکھیے۔

(i) اللہ کے پہلے نبی کون تھے؟ ______

(ii) اللہ کے آخری نبی کون ہیں؟ ______

(iii) کوئی اور دو نبیوں کے نام لکھیے۔ ______ ، ______

اساتذہ کے لیے ہدایت: طلبہ سے اُن چند نبیوں کے نام لینے کو کہیے جن کے بارے میں انھوں نے سُنا ہو۔ طلبہ کے درست جوابات بورڈ پر لکھیے۔ طلبہ کو نبیوں کے واقعات کے ذریعے سمجھائیں کہ اللہ نے مختلف نبیوں کو کیوں بھیجا۔



www.perfect24u.com

مفت تقسیم کے لئے


تیسرا باب

# آسمانی کتابیں

مختلف مذاہب کی مختلف آسمانی کتابیں ہیں۔

آسمانی کتابیں انسانوں کی رہنمائی کے لیے نازل کی گئی ہیں۔

ہمیں تمام آسمانی کتابوں کا احترام کرنا چاہیے۔



قرآنِ مجید

مسلمانوں کی آسمانی کتاب قرآنِ مجید ہے۔
یہ کتاب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل کی گئی ہے۔

عیسائیوں کی آسمانی کتاب انجیل ہے۔
یہ کتاب حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی۔

یہودیوں کی آسمانی کتاب توریت ہے۔
یہ کتاب حضرت موسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی۔

یہودیوں کی ایک اور آسمانی کتاب زبور ہے۔
یہ کتاب حضرت داؤد علیہ السلام پر نازل ہوئی۔

**سرگرمی:**

کالم "الف" میں دی گئی آسمانی کتابوں کو کالم "ب" میں دیے گئے ان کے ماننے والوں سے لکیر کھینچ کر ملایئے۔

| کالم "الف"<br>آسمانی کتابیں | کالم "ب"<br>ان کو ماننے والے |
|---|---|
| قرآنِ مجید | عیسائی |
| انجیل | یہودی |
| توریت | مسلمان |

اساتذہ کے لیے ہدایت: طلبہ کو ان آسمانی کتابوں کے متعلق اور اضافی معلومات فراہم کی جائیں۔



www.perfect24u.com

مفت تقسیم کے لئے



# حضرت محمدؐ صلی اللہ علیہ وسلم



مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم (مدینہ منورہ)

حضرت محمدؐ صلی اللہ علیہ وسلم مکے میں پیدا ہوئے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے والد کا نام حضرت عبداللہ تھا۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی والدہ کا نام حضرت بی بی آمنہ تھا۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں بتایا کہ اللہ ایک ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم سچے اور امین تھے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں بتایا کہ ہر ایک کے ساتھ امن سے رہو۔

جب بھی ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا نام لیتے یا سنتے ہیں تو ہم کہتے ہیں:

**صلی اللہ علیہ وسلم** جس کے معنی ہیں: آپ پر اللہ کی رحمت اور سلامتی ہو۔

## سرگرمیاں:

1۔ خالی جگہیں پُر کیجیے۔

(i) اللہ کے آخری نبی ________ ہیں۔

(ii) حضرت محمدؐ صلی اللہ علیہ وسلم کے والد ________ تھے۔

(iii) حضرت محمدؐ صلی اللہ علیہ وسلم کی والدہ ________ تھیں۔

(iv) حضرت محمدؐ صلی اللہ علیہ وسلم شہر ________ میں پیدا ہوئے۔

(v) لوگ ________ کو ________ اور ________ کہتے تھے۔

**اساتذہ کے لیے ہدایت:** آپ اپنے سبق کی ابتداء طلبہ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ابتدائی زندگی کے بارے میں واقعات سُنا کر کیجیے۔ مندرجہ ذیل معلومات طلبہ کو دی جاسکتی ہیں۔

حضرت محمدؐ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے آخری نبی ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے والد آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدائش سے پہلے انتقال کر گئے، جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر چھ برس کی ہوئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی والدہ کا بھی انتقال ہوگیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے دادا کے ساتھ رہنے لگے جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے بہت محبت کرتے تھے دادا کے انتقال کے بعد، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا ابو طالب نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی پرورش کی۔



www.perfect24u.com

مفت تقسیم کے لئے

پانچواں باب

# عبادت

مختلف مذاہب کے لوگ اپنی عبادت کی جگہوں میں عبادت کرتے ہیں۔

وہ مختلف جگہوں پر عبادت کرتے ہیں۔



مسلمان مسجد میں عبادت کرتے ہیں۔



عیسائی گرجا گھر میں عبادت کرتے ہیں۔



ہندو مندر میں عبادت کرتے ہیں۔



یہودی ہیکل میں عبادت کرتے ہیں

ہمیں تمام مذاہب کا احترام کرنا چاہیے۔

سرگرمی:

کالم "الف" میں دیئے گئے مختلف مذاہب کے لوگوں کے ناموں کو کالم "ب" میں دی گئی عبارت کی جگہوں سے لکیر کھینچ کر ملائیے۔

| کالم "الف"<br>مختلف مذاہب کے لوگ | کالم "ب"<br>عبادت کی جگہ |
|---|---|
| عیسائی | گرجا گھر |
| ہندو | مسجد |
| یہودی | ہیکل |
| مسلمان | مَندر |



www.perfect24u.com

# نماز

اللہ تعالیٰ کی طرف سے مسلمانوں پر دن میں پانچ وقت کی نماز فرض کی گئی ہے۔

پانچ وقت کی نمازوں کے نام فجر، ظہر، عصر، مغرب اور عشاء ہیں۔

اَذان مسلمانوں کو نماز کے لیے بلاتی ہے۔



**سرگرمی:**

دیے گئے خانوں میں پانچ نمازوں کے نام لکھیے۔




اساتذہ کے لیے ہدایت: طلبہ کو نمازوں کی ترتیب سمجھائیں مثلاً سورج نکلنے سے پہلے پڑھی جانے والی نماز فجر کہلاتی ہے۔ وغیرہ۔



www.perfect24u.com

## پہلے یونٹ کی اختتامی مشقیں

1۔ اللہ تعالیٰ کی بنائی ہوئی کوئی دو چیزوں کی تصویریں بنایئے اور ان میں رنگ بھریئے۔

2۔ خانوں کو درست جوابات سے بھریئے۔

| لوگ | آسمانی کتاب | نبی کا نام | عبادت کی جگہ |
|---|---|---|---|
| عیسائی | | | |
| یہودی | | | |
| مسلمان | | | |

3۔ بچوں کو کوئی ایسی اچھی بات بتائیں جو آپ نے کسی دوسرے کے لیے کی ہو۔

4۔ دیئے گئے خانوں میں قدرتی چیزوں کے نام لکھیے۔















www.perfect24u.com

5۔ درست جملے کے سامنے (✓) اور غلط کے سامنے (✗) لگائیے۔

(i) اللہ نے ہم سب کو پیدا کیا ہے۔ (    )

(ii) اللہ تعالیٰ نے ستارے پیدا کیے ہیں۔ (    )

(iii) اللہ ایک ہے۔ (    )

(iv) اللہ رحم کرنے والا ہے۔ (    )

6۔ تصویروں کو دیکھیے اور ان میں آپ جو اچھے کام بچوں کو کرتے ہوئے دیکھیں وہ ان کے نیچے دیئے گئے خانوں میں لکھیے۔ دیئے گئے الفاظ سے مدد لیجیے۔

| | |
|---|---|
| ہمدردی | پڑھنے میں مدد |





اساتذہ کے لیے ہدایت: طلبہ سے پوچھیں کہ انھوں نے تصویر میں کیا دیکھا۔ تصاویر کے ذریعے طلبہ کو صداقت، ہمدردی، دیانت داری اور دوسروں کی مدد کرنے کی نشاندہی کرنے میں مدد کیجیے۔



www.perfect24u.com

## پہلا باب

# زمین

ہم زمین پر رہتے ہیں۔


زمین گیند کی طرح گول ہے۔

زمین خشکی اور پانی سے ڈھکی ہوئی ہے۔



زمین

خشکی پر کون رہتے ہیں؟



خشکی

پانی میں کون رہتا ہے؟



پانی

**سرگرمی:**




زمین کی تصویر کو دیکھیے۔

خشکی پر ہرا رنگ بھریے (جیسے اسے واضح کیا گیا ہے)۔

پانی پر نیلا رنگ بھریے (جیسے اسے واضح کیا گیا ہے)۔

بتائیے زمین پر پانی زیادہ ہے یا خشکی۔

**اساتذہ کے لیے ہدایت:** سبق شروع کرنے سے پہلے طلبہ کو دنیا کا گلوب دکھائیے۔ اُن سے زمین کی شکل کے بارے میں پوچھیے۔

انہیں بتائیے کہ یہ شکل زمین کی ہے، پھر اُن سے پوچھیے کہ زمین کے نیلے حصہ کو کیا سمجھتے ہیں، اگر وہ پانی جواب دیں تو ان کی تعریف کریں، اُن سے پوچھیے کہ وہ زمین کے رنگین حصوں کے بارے میں کیا سوچتے ہیں، پھر ان کو پڑھنے کے لیے دیں۔

طلبہ کو بتائیے کہ ہر سال 22 اپریل کو زمین کا دن منایا جاتا ہے اور وہ بھی یہ دن منائیں گے۔



www.perfect24u.com

# آسمان

آسمان پر سورج، چاند اور بہت سے تارے ہیں۔
اس تصویر کو دیکھیے۔



دن میں آپ آسمان میں کیا دیکھ سکتے ہیں۔
دن میں آپ سورج دیکھ سکتے ہیں۔

## سرگرمیاں:

1۔ سورج بنائیں اور رنگ بھریں۔

2۔ دوسری کون سی ایسی چیز ہے جو آپ دن میں آسمان پر دیکھ سکتے ہیں نام لکھیے۔

(i) ______________________

(ii) ______________________

3۔ بتائیے میں کون ہوں؟



- میں دن میں دیکھا جا سکتا ہوں۔
- میں ایک بڑی گیند کی طرح ہوں اور بہت روشن ہوں۔
- میں بہت گرم ہوں اور آپ کو روشنی دیتا ہوں۔

میں کون ہوں؟ ______________



www.perfect24u.com

اس تصویر کو دیکھیے۔



رات کو آپ آسمان پر کیا دیکھ سکتے ہیں؟

رات کو آسمان پر چاند ستارے دیکھ سکتے ہیں۔

**سرگرمیاں:**

1۔ آپ رات میں آسمان پر جو دیکھتے ہیں اُن کی تصویر بنائیے۔

2۔ اُن دو چیزوں کے نام لکھیے جو رات کو آسمان پر دیکھتے ہیں۔

(i) ______________________

(ii) ______________________



3۔ بتائیے میں کون ہوں۔

- میں رات میں دیکھا جا سکتا ہوں۔
- میں گیند کی طرح گول ہوں۔

میں کون ہوں؟ ______________



4۔ بتائیے میں کون ہوں۔

- میں رات میں دیکھا جا سکتا ہوں۔
- میں روشن ہوں اور آسمان پر ٹمٹماتا ہوں۔

میں کون ہوں؟ ______________

**اساتذہ کے لیے ہدایت:** طلبہ سے رات کو آسمان دیکھنے کے لیے کہیں اور اگلے دن ان سے پوچھیے۔



www.perfect24u.com

1۔ ان سوالات کے آگے اگر آپ صحیح سمجھتے ہیں تو "جی ہاں" لکھیے اور اگر غلط تو "جی نہیں" لکھیے۔

(i) کیا آپ زمین پر رہتے ہیں؟ ______

(ii) کیا آپ رات کے وقت سورج دیکھتے ہیں؟ ______

(iii) کیا سورج تیز چمکتا ہے؟ ______

(iv) کیا یہ بہت گرم ہے؟ ______

(v) کیا آپ سورج پر رہ سکتے ہیں؟ ______

(vi) کیا آپ رات کے وقت چاند دیکھتے ہیں؟ ______

(viii) کیا آپ رات کے وقت ستارے دیکھتے ہیں؟ ______

(viii) کیا رات کے وقت آسمان پر بہت سے ستارے ہوتے ہیں؟ ______

2۔ نظم گائیے اور یاد کیجیے۔

میں چاند دیکھتا ہوں۔
وہ مجھ کو دیکھتا ہے۔

چم چم چمکتے تارے۔
حیران ہوں یہ کیا ہیں!
دنیا سے زیادہ اونچے۔
ہیرے سے ہیں چمکتے۔

3۔ آپ کو کون سا آسمان پسند ہے دن میں / رات میں۔

نیچے دیئے گئے خانے میں اپنی پسند کی چیزیں بنائیے جو آسمان پر ہوتی ہیں۔



www.perfect24u.com

## تیسرا یونٹ مجھ سے ملیے

### پہلا باب

# میں کون ہوں؟



میں لڑکا ہوں۔

میرا نام علی ہے۔

میں پانچ سال کا ہوں۔

میں پہلی جماعت میں پڑھتا ہوں۔

مجھے پڑھنا لکھنا پسند ہے۔

مجھے کرکٹ کھیلنا پسند ہے۔

مجھے دوسروں سے لڑنا پسند نہیں۔



میں لڑکی ہوں۔

میرا نام ثنا ہے۔

میں آٹھ سال کی ہوں۔

میں تیسری جماعت میں پڑھتی ہوں۔

مجھے پڑھنا لکھنا اور تصویر بنانا پسند ہے۔

مجھے آنکھ مچولی کھیلنا پسند ہے۔

مجھے دوسروں کی مدد کرنا پسند ہے۔

**سرگرمی۔**

دیئے گئے خانے میں اپنی تصویر بنا کر چپکایئے۔ نیچے دیئے گئے جملوں کو مکمل کیجیے۔

(i) میرا نام ______________ ہے۔

(ii) میں ______________ سال کا ہوں۔

(iii) میں ______________ میں پڑھتا ہوں۔

(iv) مجھے ______________ پسند ہے۔


(v) مجھے ______________ پسند نہیں ہے۔

**اساتذہ کے لیے ہدایت:** استاد پہلے اپنے بارے میں طلبہ کو بتائے گا پھر چند طلبہ کو کہے گا کہ وہ اپنے بارے میں دوسروں کو بتائیں۔



www.perfect24u.com

# میرا جسم



جسم کے اعضاء

میری دو آنکھیں ہیں جن سے میں دیکھتا/دیکھتی ہوں۔

میری ایک ناک ہے جس سے میں سونگھتا/سونگھتی ہوں۔

میرے دو کان ہیں جن سے میں سُنتا/سُنتی ہوں۔

میرے دو ہاتھ ہیں جن سے میں چھوتا اور محسوس کرتا ہوں۔

میری ایک زبان ہے جس سے میں چکھتا/چکھتی ہوں۔

## سرگرمیاں:

1۔ (الف) کالم "الف" کی تصویروں کو کالم "ب" کی اشیاء سے جوڑیئے۔

(ب) کالم "ب" کی تصویروں کے نام لکھیے۔

(ج) کالم "الف" کے جسمانی حصے جو کام کرتے ہیں انھیں کالم "ب" سے جوڑیئے۔

| کالم "الف" جسم کے اعضاء | کالم "ب" اشیاء |
|---|---|
|  |  |
|  |  |
|  |  |
|  |  |
|  |  |

2۔ جو چیزیں آپ دیکھ، سُن، سُونگھ، چکھ اور چھو رہے ہیں، ان کی تصویر بنائیے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

**اساتذہ کے لیے ہدایت:** طلبہ پر واضح کیجیے کہ تصویر کی تمام چیزوں کو دیکھ سکتے ہیں لیکن کچھ چیزوں کو سن اور کچھ کو چکھ سکتے ہیں۔ ایک سے زیادہ متوقع جوابات درست ہو سکتے ہیں۔ مثلاً ہم پھول، گھنٹی اور آئس کریم کو چھو سکتے ہیں، جبکہ سورج کو صرف دیکھ سکتے ہیں۔



www.perfect24u.com

# صاف ستھرا رہنا

صحت مند رہنے کے لیے صاف ستھرا رہنا ضروری ہے۔

آپ کس طرح صاف ستھرے رہ سکتے ہیں۔



ہاتھ دھونا



نہانا



ناخن کاٹنا



دانت صاف کرنا



بال بنانا

**سرگرمی:**

1۔ نیچے دیئے گئے الفاظ کی مدد سے صفائی ستھرائی کی اشیاء کے نام نیچے دیئے گئے خانوں میں تحریر کیجیے۔

ٹوتھ پیسٹ　　بالٹی　　تولیہ　　نیل کٹر　　ٹوتھ برش　　کنگھا　　صابن　　شیمپو



















www.perfect24u.com

چوتھا باب

# اچھّے آداب



علی اور ثنا صبح سویرے اٹھتے ہیں۔



وہ اپنے دانت صاف کرتے ہیں۔



وہ اپنے والدین کو سلام کرتے ہیں۔



وہ صاف یونیفارم پہنتے ہیں۔






ثنا نے کہا "مہربانی کر کے مجھے چپاتی دے دیجیے۔ جب اس کے والد نے چپاتی دی تو اس نے شکریہ ادا کیا۔



وہ اسکول جاتے ہوئے خدا حافظ کہتے ہیں۔



علی نے اپنے دوست کو پڑھنے میں مدد دی۔



ثنا نے ایک بوڑھے آدمی کو سڑک پار کرائی۔
وہ بڑوں کی عزت کرتے ہیں۔



www.perfect24u.com

## سرگرمیاں:

1۔ ثنا اور علی کی کہانی سے پانچ اچھی عادتیں مندرجہ ذیل جگہوں میں لکھیے۔ پہلا جملہ مثال کے لیے موجود ہے۔

وہ اپنے دانت برش کرتے ہیں۔

(i) ________________

(ii) ________________

(iii) ________________

(iv) ________________

(v) ________________

2۔ مندرجہ ذیل الفاظ کی مدد سے اپنی چار خصوصیات تحریر کیجیے۔

| | |
|---|---|
| میں نرمی سے بات کرتا/کرتی ہوں۔ | میں جانوروں پر رحم کرتا/کرتی ہوں |
| میں ضرورت مندوں کی مدد کرتا/کرتی ہوں۔ | میں کوڑا، کوڑے دان میں ڈالتا/ڈالتی ہوں۔ |
| میں سچ بولتا/بولتی ہوں۔ | میں دوسروں کی مدد کرتا/کرتی ہوں۔ |
| میں بڑوں کو سلام کرتا/کرتی ہوں۔ | میں ایماندار ہوں۔ |

(i) میں ________________

(ii) میں ________________

(iii) میں ________________

(iv) میں ________________

3۔ جملہ مکمل کیجیے۔

اپنے اندر اچھی خوبیاں پیدا کرنا ضروری ہیں کیونکہ ________________

**اساتذہ کے لیے ہدایت:** آپ طلبہ کو اچھی عادات سکھانے کے لیے جماعت میں ڈرامہ کروائیں اور اس میں شکریہ، مہربانی جیسے الفاظ استعمال کریں اور اچھی عادتوں کی طرف انھیں راغب کریں، مثلاً کسی کی مدد کرنا، سڑک پار کروانا، کوڑا دان استعمال کرنا وغیرہ۔ متوقع جوابات یہ ہو سکتے ہیں: میرے دوست مجھے پسند کرتے ہیں، میں ایک اچھا انسان ہوں۔



www.perfect24u.com

## پانچواں باب

# ہم یہ کھیل کھیلتے ہیں

ہم سب کھیل کود پسند کرتے ہیں۔
کھیل میں مزہ آتا ہے۔
کھیل ہمیں صحت مند رکھتے ہیں۔


کیرم


رسی کودنا


ٹیبل ٹینس


ہاکی


فٹ بال


کرکٹ

ثنا اور علی لوڈو کھیل رہے ہیں۔ وہ ان اصولوں پر عمل کرتے ہیں۔

- ایک رنگ کی گوٹیں ایک کھلاڑی کے لیے منتخب کریں۔
- پانسہ پھینک کر کھیل شروع کریں۔
- چھ آنے پر کھیل کا آغاز کریں۔
- پانسے پر آنے والے نمبر کے حساب سے گوٹ کو خانے گن کر رکھیں۔
- جو کھلاڑی سب سے پہلے اپنی چاروں گوٹیں گھر میں لے جائے گا وہ جیت جائے گا۔





www.perfect24u.com

سرگرمیاں:

1۔ طلبہ کو دو گروہوں میں تقسیم کریں پھر ہر گروہ اپنے پسندیدہ کھیل کے قواعد مندرجہ ذیل لکھے گا۔

(i) ______________________________

(ii) ______________________________

(iii) ______________________________

(iv) ______________________________

(v) ______________________________

2۔ خالی جگہیں پُر کریں۔

(i) جو کھیل ہم پسند کرتے ہیں وہ __________، __________ اور __________ ہیں۔

(ii) ہمارا پسندیدہ کھیل __________ ہے۔

3۔ اس کھیل کے قواعد مندرجہ ذیل ہیں۔

(i) ______________________________

(ii) ______________________________

(iii) ______________________________

(iv) ______________________________

(v) ______________________________

**اساتذہ کے لیے ہدایت:** طلبہ سے کہیں کہ وہ اپنے پسندیدہ کھیل کے قواعد تحریر کریں۔ ہر گروہ سے ایک طالب علم باقی طلبہ کو اپنے پسندیدہ کھیل کے قواعد وضوابط کے بارے میں معلومات فراہم کرے گا۔



www.perfect24u.com

# مجھے کیا کام پسند ہے

لوگ مختلف طرح کے کام کرتے ہیں۔



جہاز اُڑانا



پڑھانا



کھیتی باڑی



دکان داری



مریض کی دیکھ بھال کرنا



علاج کرنا

## سرگرمیاں:

1۔ مندرجہ بالا تصاویر کو دیکھتے ہوئے کالم "الف" کے جملے پڑھیے، اور کالم "ب" میں ان کے کاموں کے بارے میں لکھیے۔

پہلا جملہ مثال کے طور پر لکھ دیا گیا ہے۔ ہوا باز نظر آ رہا ہے۔ ہوئی جہاز اُڑا رہا ہے۔

| نمبر شمار | کالم "الف"<br>تصویر میں موجود لوگ | کالم "ب"<br>وہ کیا کر رہے ہیں |
|---|---|---|
| (i) | استانی نظر آ رہی ہے۔ | وہ ____________ |
| (ii) | کسان نظر آ رہے ہیں۔ | وہ ____________ |
| (iii) | دکاندار نظر آ رہا ہے۔ | وہ ____________ |
| (iv) | نرس نظر آ رہی ہے۔ | وہ ____________ |
| (v) | ڈاکٹر نظر آ رہا ہے۔ | وہ ____________ |



www.perfect24u.com

2۔ میں بڑے ہو کر ____________ بننا چاہتا / چاہتی ہوں۔

کیونکہ ________________________________________

3۔ طلبہ سے معلوم کیجیے کہ وہ کیا بننا چاہتے ہیں۔

| استاد | ڈاکٹر | کسان | پائلٹ | دکاندار |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |

اساتذہ کے لیے ہدایت: استاد طلبہ سے کاغذ پر ان کے پسندیدہ پیشے کے بارے میں لکھوائے گا اور ان پرچوں کو بورڈ پر اس طرح لگائے گا کہ ایک اختیار کرنے والے بچوں کے پرچے ایک ساتھ ہوں، پھر یہ گنا جائے گا کہ زیادہ بچے کیا بننا چاہتے ہیں۔



www.perfect24u.com

1۔ ان سوالات کا جواب دیجیے۔

(i) آپ کا بہترین دوست کون ہے؟ ________________

(ii) آپ اور آپ کے دوست میں کون سی دو عادتیں مشترکہ ہیں؟ ________________

(iii) آپ کن دو باتوں میں اپنے دوست سے مختلف ہیں؟ ________________

(iv) آپ کی کتنی آنکھیں ہیں؟ ________________

(v) آپ کے کتنے ہاتھ ہیں؟ ________________

(vi) آپ دن میں کتنی بار ہاتھ دھوتے ہیں؟ ________________

(vii) کیا آپ رات کے وقت ستارے دیکھتے ہیں؟ ________________

(viii) آپ دن میں کتنی بار نہاتے ہیں؟ ________________

(ix) آپ دن میں کتنی بار دانت صاف کرتے ہے؟ ________________

(x) آپ دن میں کتنی بار کپڑے بدلتے ہیں؟ ________________

2۔ کالم "الف" کی اشیاء کو کالم "ب" میں دیئے ہوئے ذائقوں سے ملائیے۔

| کالم "الف"<br>اشیاء | کالم "ب"<br>ذائقے |
|---|---|
| سیب | کڑوا |
| چپس | کھٹا |
| کریلا | نمکین |
| لیموں | میٹھا |

3۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک پر عمل کیجیے۔

شکریہ ادا کرنے کے لیے ایک کارڈ بنائیے یا کسی سے معافی مانگنے کے لیے معافی کارڈ بنائیے یا سالگرہ کا کارڈ بنائیے۔



www.perfect24u.com

4۔ ان تین کاموں کی تصویریں بنائیں اور ان کے بارے میں لکھیں جو آپ صاف ستھرا رہنے کے لیے کرتے ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| | | |
| | | |

5۔ مندرجہ ذیل الفاظ میں سے کوئی دو ایسے الفاظ خالی جگہوں میں لکھیں، جو آپ کے مقاصد حاصل کرنے میں مددگار ثابت ہونگے۔

| | | |
|---|---|---|
| اسکول میں پڑھنا | سارے وقت کھیلنا | محنت کرنا |
| صاف ستھرا رہنا | جماعت میں سونا | گھر کا کام کرنا |

(i) ____________________

(ii) ____________________

6۔ آدھی چھٹی میں تین طلبہ سے پوچھیں کہ وہ کیا بننا چاہتے ہیں اور کیوں؟ پھر خالی جگہیں پر کریں۔

(i) میں ____________ بننا چاہتا ہوں ____________

کیونکہ ____________________

(ii) میں ____________ بننا چاہتا ہوں ____________

کیونکہ ____________________

(iii) میں ____________ بننا چاہتا ہوں ____________

کیونکہ ____________________

7۔ کالم "الف" کے کھیلوں کو کالم "ب" کی چیزوں سے ملائیے۔

| کالم "الف"<br>کھیل | کالم "ب"<br>کھیلوں کا سامان |
|---|---|
| کرکٹ | کودنے والی رسی |
| ہاکی | گیند بلّا |
| پہل دوج | ہاکی اور گیند |
| رسی کودنا | چپٹا پتھری |



www.perfect24u.com

8۔ ایسی تصویر بنائیے کہ جس میں صفائی ستھرائی کا ماحول دکھایا گیا ہو۔ اُسے جماعت / اسکول میں لگائیے۔

9۔ طلبہ درجِ ذیل نظم کو حرکات وسکنات کے ساتھ پڑھیں۔

نظم نمبر 1۔

امی نے کہا کہ انھیں معلوم ہے۔
کہ صاف ہاتھ اور چہرہ۔
مجھے گلاب کی طرح تر و تازہ کر دے گا۔

نظم نمبر 2۔

ہر جگہ صحت مند بچے
صاف ستھری ہوا میں سانس لیتے اور ورزش کرتے ہیں
صابن اور پانی سے اپنے ہاتھ اور چہرے کو دھوتے ہیں
صحت مند بچے مُسکراتے رہتے ہیں
جب وہ تھوڑی دیر کے لیے آرام کرتے ہیں
وہ ہر دن سیکھتے ہیں کہ انھیں خالص غذا کھانی چاہیے
صحت مند بچے ہمیشہ خوش رہتے ہیں
وہ بچے روزانہ برش کرتے ہیں
اس لیے جراثیم سے خوفزدہ نہیں ہیں
صحت مند بچے بہت کچھ سیکھتے ہیں
وہ صحت مند رہنے کا بہترین منصوبہ بناتے ہیں
اور عمل کرتے ہیں
صحت مند بچے تازہ ہوا میں سانس لیتے اور ورزش کرتے ہیں۔

اساتذہ کے لیے ہدایت: بچوں کو کام کی عظمت اور اہمیت کے بارے میں بتائیے۔ کسی خاص مہمان کو دعوت دے کر اسکول لے کر آئیں جو کہ طلبہ کو مختلف پیشوں اور کام کے بارے میں معلومات فراہم کرے۔



www.perfect24u.com

پہلا باب

# میرا خاندان



میں ثنا ہوں۔
یہ میرا خاندان ہے۔

یہ میری بہن حِنا ہے۔



یہ میرا بھائی علی ہے۔



یہ میری والدہ نِدا احمد ہیں۔






یہ میرے والد احمد ہیں۔

یہ میرے نانا اور نانی ہیں۔

یہ میرے دادا اور دادی ہیں۔








www.perfect24u.com

## یہ میرے خاندان کا شجرہ ہے۔




### سرگرمی:

خالی جگہ پُر کریں۔

(i) میرا نام ________________ ہے۔

(ii) میرے والد کا نام ___________ ہے۔

(iii) میری والدہ کا نام ___________ ہے۔

(iv) میرے ________ بھائی اور ________ بہنیں ہیں۔

(v) ان کے نام ________ ، ________ ، ________ ، ________ اور ________ ہیں۔

**اساتذہ کے لیے ہدایت:** اگر طلبہ کے زیادہ بھائی بہنیں ہوں تو اِس سرگرمی میں ان کے لیے خالی جگہوں کی تعداد بڑھا دیں۔



www.perfect24u.com

# گھریلو رشتے

میں اپنے والد، والدہ، بہن حنا اور بھائی علی کے ساتھ رہتی ہوں۔

میرے والدین ہمارا خیال رکھتے ہیں۔

میری والدہ ایک ڈاکٹر ہیں۔

وہ اس بات کا خیال رکھتی ہیں کہ ہم صاف ستھرے رہیں اور صحت بخش غذا کھائیں۔

میرے والد ایک استاد ہیں۔



وہ اسکول کا کام کرنے میں ہماری مدد کرتے ہیں اور رات کو ہمیں کہانیاں پڑھ کر سناتے ہیں۔

ہم گھر میں اپنے والدہ اور والد کی مدد کرتے ہیں۔

ہم ان کا ادب کرتے ہیں اور ان کا کہنا مانتے ہیں۔

سرگرمی:

کالم "الف" میں اپنے خاندان کے افراد کے نام لکھیں۔

کالم "ب" میں ان سے رشتہ لکھیں (والدہ، دادا، بہن، وغیرہ)۔

کالم "ج" میں لکھیں کہ وہ گھر میں آپ کے لیے کیا کرتے ہیں۔

کالم "د" میں لکھیں کہ اگر وہ یہ کام نہ کریں تو کیا ہوگا؟ (میں بھوکا / بھوکی رہوں گا / رہوں گی۔ میرے ساتھ سے کھیلنے والا کوئی نہ ہوگا، میں اداس ہو جاؤں گا / گی۔

| کالم "الف" | کالم "ب" | کالم "ج" | کالم "د" |
| --- | --- | --- | --- |
| خاندان کا فرد | مجھ سے رشتہ | میرے لیے گھر میں کیا کرتے / کرتی ہیں | اگر وہ یہ نہ کریں تو کیا ہوگا |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |



www.perfect24u.com

تیسرا باب

# ہمارا گھر

یہ ہمارا گھر ہے۔ ہم ایک فلیٹ میں رہتے ہیں۔

اس میں ایک بیٹھنے کا کمرہ، دو سونے کے کمرے ہیں، ایک باورچی خانہ ہے اور ایک غسل خانہ ہے۔



بیٹھنے کا کمرہ



سونے کا کمرہ



باورچی خانہ

ہم اپنا گھر صاف ستھرا رکھتے ہیں۔




قالین صاف کرنا



جھاڑ پونچھ کرنا



فرش پر پوچھا لگانا



جھاڑو دینا

سرگرمیاں:

1۔ آپ کا گھر کیسا ہے؟ اپنے گھر کی ایک تصویر بنائیے اور اس کے بارے میں تین جملے لکھیں۔

(i) ____________________

(ii) ____________________

(iii) ____________________



www.perfect24u.com

2۔ اپنے گھر کے کمروں کے نام لکھیں۔ ہر ایک کمرے میں موجود تین تین چیزوں کے نام لکھیے۔ نیچے دیئے گئے الفاظ سے مدد لیجیے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| پنکھا | ٹی۔وی | بستر | میز | کرسی | چولہا |
| پلیٹس | دری | کمبل | دیگچیاں | الماری | |
| چمچ | کھڑکی | آئینہ | قالین | تکیہ | |

| کمرہ | اشیاء / چیزیں | | |
|---|---|---|---|
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |

3۔ اپنے گھر کو صاف رکھنے کے لیے آپ کیا کرتے/کرتی ہیں؟ (پانچ چیزوں کے نام لکھیے، جو آپ کے خاندان کا کوئی اور فرد کرتا/کرتی ہے)

(i) ______________________

(ii) ______________________

(iii) ______________________

(iv) ______________________

(v) ______________________

اساتذہ کے لیے ہدایات: طلبہ سے صفائی کی اہمیت کے بارے میں بات کیجیے۔



www.perfect24u.com

چوتھا باب

# اپنی زندگی اور خاندان کی تاریخ

علی 2006ء میں پیدا ہوا۔

علی نے 2007ء میں چلنا شروع کیا۔

اس نے 2010ء میں اسکول جانا شروع کیا۔

2011ء میں اس کی چھوٹی بہن حِنا پیدا ہوئی۔

2012ء میں حنا اور علی ریل گاڑی میں اپنے گھر والوں کے ساتھ اپنے چچا کی شادی پر لاہور گئے۔

2013ء میں پورا خاندان پکنک منانے سمندر کنارے/ساحل گیا۔



2006ء | 2007ء | 2010ء | 2011ء | 2012ء | 2013ء

**سرگرمی :**

اپنی زندگی کے کوئی سے پانچ اہم واقعات لکھیے۔

(i) ________________________________

(ii) ________________________________

(iii) ________________________________

(iv) ________________________________

(v) ________________________________

**اساتذہ کے لیے ہدایت:** اگر طلبہ کو لکھنے میں مشکل ہو رہی ہو تو ان کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ اپنی زندگی کے اہم واقعات کی تصاویر بنائیں۔ وہ ان واقعات کی تصاویر ایک خطِ وقت کی صورت میں چسپاں بھی کر سکتے ہیں۔



www.perfect24u.com

پانچواں باب

# خوراک جو ہم کھاتے ہیں

ہم کئی طرح کی خوراک کھاتے ہیں۔

ہم تندرست رہنے کے لیے خوراک کھاتے ہیں۔

خوراک ہمیں بڑھنے میں مدد کرتی ہے۔

خوراک ہمیں کام کرنے کے لیے توانائی بھی دیتی ہے۔










کھانے سے پہلے ہم ہاتھ دھوتے ہیں۔

کھانے سے پہلے ہم بسم اللہ پڑھتے ہیں۔

ہم کھانا آہستہ آہستہ کھاتے ہیں۔

ہم کھانا منہ میں ہوتے ہوئے باتیں نہیں کرتے۔

ہم اپنی پلیٹ میں موجود سارا کھانا کھاتے ہیں۔

کھانے کے بعد ہم اللہ کا شکر ادا کرتے ہیں کہ اس نے ہمیں یہ کھانا دیا۔

کھانے کے بعد ہم اپنے ہاتھ دھوتے ہیں۔

**اساتذہ کے لیے ہدایت:** آپ چارٹوں/تصاویر کی مدد سے طلبہ سے ان مختلف اقسام کی کھانے پینے کی اشیاء (خوراک) کے بارے میں بات کر سکتے/کر سکتی ہیں، جو طلبہ اپنے گھر میں کھاتے ہیں، طلبہ کے جوابات بورڈ پر مختلف سرخیوں (Headings) کے ذریعے درج کریں۔ مثلاً "اناج"، "گوشت"، "دودھ" اور دودھ سے بنی ہوئی اشیاء اور "پھل" اور "سبزیاں"۔ اس طرح آپ طلبہ کو خوراک کے مختلف گروپس (Food groups) سے متعارف کروا سکتے/سکتی ہیں۔

طلبہ سے ان اچھے آداب کے بارے میں بات کریں جن پر ان کو کھانا کھانے کے دوران عمل کرنا چاہیے۔ طلبہ کو کھانے سے پہلے اور بعد میں پڑھی جانے والی دُعائیں سکھایئے اور ہر کھانے سے پہلے اور بعد میں دُعائیں پڑھنے کے لیے ان کی حوصلہ افزائی کیجیے۔



www.perfect24u.com

## سرگرمیاں:

1۔ جملے مکمل کیجیے۔

(i) میرے گھر والے ناشتے میں ____________________ کھاتے ہیں۔

(ii) میرے گھر والے دوپہر کے کھانے میں ____________________ کھاتے ہیں۔

(iii) میرے گھر والے رات کے کھانے میں ____________________ کھاتے ہیں۔

(iv) مجھے کھانے میں جو سبزیاں پسند ہیں وہ یہ ہیں: ____________________

(v) مجھے کھانے میں جو پھل پسند ہیں وہ یہ ہیں: ____________________

(vi) مجھے پینے میں ____________________ پسند ہیں:

2۔ خالی جگہیں پُر کیجیے۔

کھانے سے پہلے ہم ____________________

کھانے کے دوران ہم ____________________

کھانے کے بعد ہم ____________________



www.perfect24u.com

1۔ اپنے خاندان کی تصویر بنائیے یا چسپاں کیجیے۔ ہر شخص کی تصویر کے نیچے اس کا نام بھی لکھیے۔

2۔ اپنے دادا، دادی، نانا یا نانی سے ان کی زندگی کے بارے میں مندرجہ ذیل سوالات پوچھیے اور ان کے جوابات لکھیے۔

(i) اپنے بچپن میں آپ کن کھلونوں سے کھیلتے تھے/کھیلتی تھیں؟ ____________________

(ii) آپ کون سے کھیل کھیلتے تھے/کھیلتی تھیں؟ ____________________

(iii) آپ نے کس اسکول میں تعلیم حاصل کی؟ ____________________

(iv) آپ کس طرح اسکول جاتے تھے/جاتی تھیں؟ ____________________

(v) آپ کھانے میں کیا کھاتے تھے/کھاتی تھیں؟ ____________________

(vi) کیا آپ شام کے وقت ٹی وی دیکھتے تھے/دیکھتی تھیں؟ ____________________

3۔ اپنے پسندیدہ کھانے/کھانوں کی تصویر/تصویریں بنائیے یا چسپاں کیجیے۔

4۔ کوئی تین کام لکھیے جو آپ اپنے والدین کی مدد کرنے کے لیے کر سکتے ہیں۔

(i) ____________________

(ii) ____________________

(iii) ____________________

**اساتذہ کے لیے ہدایت:** طلبہ سے بحث کیجیے کہ آپ اور آپ کے خاندان کی زندگی میں نمایاں فرق کیا ہے۔



www.perfect24u.com

# ہمارا محلّہ

## پہلا باب

یہ ہمارا محلّہ ہے۔
محلّہ وہ جگہ ہے جہاں بہت سے لوگ مِل جُل کر رہتے ہیں۔
یہ سب لوگ محلے دار کہلاتے ہیں۔
یہ لوگ مختلف طرح کے مکانوں میں رہتے ہیں۔



دومنزلہ مکان



فلیٹوں کی عمارت



ایک منزلہ مکان



کچہ مکان

ہمارے محلے میں ایک اسکول، صحت مرکز، پارک، مسجد اور بہت سی دکانیں ہیں۔

**سرگرمی:**

اپنے محلے میں موجود جگہوں کے آگے ( ✓ ) کا نشان لگائیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| دکان | ( ) | پارک | ( ) |
| اسکول | ( ) | گھر | ( ) |
| مسجد | ( ) | | |



www.perfect24u.com

# ہمارے محلّے کی دُکانیں

یہ ہمارے محلے کا بازار ہے۔
یہاں پر کئی دُکانیں ہیں۔
ان دُکانوں پر مختلف چیزیں بکتی ہیں۔


گوشت کی دُکان


پرچون کی دُکان


کتابوں کی دُکان


سبزی کی دُکان


بیکری

**سرگرمی:** درست جواب کا جواب انتخاب کرکے اوراس کے گرد دائرہ بنائیے۔

1۔ سیب یہاں ملتے ہیں۔
(i) پھلوں کی دُکان (ii) کتابوں کی دُکان (iii) بیکری

2۔ ہم انڈے یہاں سے خریدتے ہیں۔
(i) پنساری (ii) کتابوں کی دُکان (iii) بیکری

3۔ گوشت یہاں بکتا ہے۔
(i) کھلونوں کی دُکان (ii) گوشت کی دُکان (iii) پھلوں کی دُکان

4۔ میں پنسلیں یہاں سے خریدتا/خریدتی ہوں۔
(i) پھلوں کی دُکان (ii) کتابوں کی دُکان (iii) بیکری

5۔ میری والدہ یہاں سے آلو اور گاجر خریدتی ہیں۔
(i) سبزی کی دُکان (ii) کھلونوں کی دُکان (iii) گوشت کی دُکان

**اساتذہ کے لیے ہدایات** طلبہ کو دُکان اور بازار کا فرق سمجھائیے۔



www.perfect24u.com

تیسرا باب

# ہمارے محلّے کا پارک

یہ ہمارے محلّے کا پارک ہے۔

یہاں بہت سارے پودے ہیں۔

یہاں جھولے اور پھسلنیاں ہیں۔

ہم یہاں پر اپنے دوستوں کے ساتھ کرکٹ کھیلتے ہیں۔

ہمارے والدین اور دوسرے بڑے پارک میں

بیٹھتے، چلتے یا دوڑتے ہیں۔





کرکٹ



پھسلنی



جھولے



بینچ



ہاکی



پیدل چلنے کے لیے

خاندان پارک میں پکنک مناتے ہیں۔



ہم اپنے پارک کو صاف ستھرا رکھتے ہیں۔

ہم کوڑا کوڑے دان میں ڈالتے ہیں۔





www.perfect24u.com

## سرگرمیاں:

1۔ اُن سے مختلف کھیلوں کے نام لکھیے جو آپ پارک میں کھیلتے رکھیلتی ہیں۔ نیچے دیئے گئے الفاظ سے مدد لیجیے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| والی بال | فٹبال | کرکٹ | رسّی کودنا | گیند پکڑنا |
| کھوکھو | چھپن چھپائی | پکڑم پکڑائی | رسّا کشی | پہل دوج |

(i) ____________________

(ii) ____________________

(iii) ____________________

(iv) ____________________

(v) ____________________

(vi) ____________________

2۔ آپ اپنے محلے کے پارک کو صاف رکھنے کے لیے کیا کرتے ہیں رکرتی ہیں۔ کوئی دو چیزیں لکھیے۔

(i) ____________________

(ii) ____________________



www.perfect24u.com

چوتھا باب

# ہمارا اسکول











یہ ہمارا اسکول ہے۔

اس میں بہت سے کمرے ہیں۔

اس میں ایک بڑا کھیل کا میدان ہے۔

اس میں بہت سے استاد/استانیاں اور طلبہ ہیں۔

ہم اسکول تعلیم حاصل کرنے جاتے ہیں۔

ہم اسکول میں مختلف چیزیں سیکھتے ہیں۔

ہم پڑھنا، لکھنا اور سوچنا سیکھتے ہیں۔

ہم تصویریں بنانا، رنگ بھرنا اور چیزیں بنانا سیکھتے ہیں۔

ہم دنیا کی مختلف جگہوں کے بارے میں سیکھتے ہیں۔

ہم دوسروں کا احترام کرنا اور اصولوں پر عمل کرنا سیکھتے ہیں۔

اسکول میں بہت مزا آتا ہے۔

ہم اپنے اسکول سے محبت کرتے ہیں۔



www.perfect24u.com

## سرگرمیاں:

1۔ جملے مکمل کیجیے۔

(i) میرے اسکول کا نام ____________________ ہے۔

(ii) میرے استاد/میری استانی کا نام ____________________ ہے۔

(iii) میرے/میری دوستوں کے نام ، __________ ، __________ ، __________ اور __________ ہیں۔

(iv) چار چیزیں جنھیں اسکول میں کرنا مجھے اچھا لگتا ہے۔

(الف) ______________________________

(ب) ______________________________

(ج) ______________________________

(د) ______________________________

2۔ ان تمام اصولوں کے سامنے ( ✓ ) کا نشان لگائیں جن پر آپ اپنے اسکول میں عمل کرتے/کرتی ہیں۔

- وقت پر اسکول آنا۔ (    )
- اپنے استادوں اور استانیوں کو سلام کرنا۔ (    )
- اسکول کے میدان میں کُوڑا کرکٹ پھینکنا۔ (    )
- اپنی باری کا انتظار کرنا۔ (    )
- اپنا ہوم ورک کرنا۔ (    )
- پڑھائی کے دوران باتیں کرنا۔ (    )
- جماعت میں جانے کے لیے قطار بنانا۔ (    )
- صاف ستھرے ہو کر اسکول آنا۔ (    )
- استاد/استانی کے سوالوں کا جواب نہ دینا۔ (    )



www.perfect24u.com

# پانچواں باب

## ہمارا صحت مرکز

یہ ہمارے محلے کا صحت مرکز ہے۔






جب ہم بیمار ہوتے ہیں یا ہمیں چوٹ لگتی ہے تو ہم صحت مرکز جاتے ہیں۔
ڈاکٹر یا نرس ہمارا معائنہ کرتے ہیں۔






وہ ہمیں صحت مند رہنے کے طریقے بھی سکھاتے ہیں۔

- تازہ پھل اور سبزیاں دھو کر کھائیے۔
- پانی اُبال کر پئیں۔









www.perfect24u.com



- غسل خانے (بیت الخلاء) سے فارغ ہونے کے بعد ہاتھ دھوئیے۔
- روزانہ نہائیے۔
- روزانہ دانتوں کو صاف کیجیے۔
- اپنے گھر اور محلے کو صاف ستھرا رکھیے۔

یہ سب کرنے سے آپ پیچش، نزلہ، زکام، ڈینگی اور ملیریا جیسی بیماریوں سے محفوظ رہیں گے۔

### سرگرمیاں:

1۔ چوٹ لگنے یا بیماری کی صورت میں آپ جس ڈاکٹر یا صحت مرکز یا اسپتال جاتے ہیں ان کے نام معلوم کرکے خالی جگہ میں لکھیے۔

ڈاکٹر ______________________________

صحت مرکز ______________________________

2۔ تین چیزیں لکھیے جنھیں کرنے سے آپ صحت مند رہ سکتے ہیں۔

(i) ______________________________

(ii) ______________________________

(iii) ______________________________

**اساتذہ کے لیے ہدایات** طلبہ کو ایک لڑکے عابد کی کہانی سنائیے۔ انھیں ہدایت دیجیے کہ وہ غور سے سنیں اور جب بھی عابد کوئی ایسا عمل کرے جو صحت کے لیے نقصان دہ ہو تو تمام طلبہ بلند آواز میں کہیں "ایسا مت کرو" کہانی کے آغاز میں عابد بغیر دانت صاف کئے اور ہاتھ منہ دھوئے ناشتہ کرنے جاتا ہے۔ پھر وہ گرم کیتلی کو ہاتھ لگانے لگتا ہے، اسکول بس میں چڑھنے کے لیے سڑک پر بھاگتا ہے، منہ پر رومال رکھے بغیر کھانستا اور چھینکتا ہے۔ وغیرہ۔



www.perfect24u.com

چھٹا باب

# ہمارے محلّے کی مسجد



یہ ہمارے محلے کی مسجد ہے۔

یہاں ہم نماز پڑھنے آتے ہیں۔

اَذان کی آواز سُن کر ہم مسجد میں نماز پڑھنے جاتے ہیں۔

## سرگرمیاں

1۔ اپنے محلے کی مسجد کی تصویر بنائیں۔

2 ۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جواب لکھیے۔

(i) آپ کے محلے کی مسجد کا نام کیا ہے؟ ________________________

(ii) کیا آپ کے محلے میں کوئی گِرجا ہے؟ ________________________

(iii) کیا آپ کے محلے میں کوئی مندر ہے؟ ________________________

**اساتذہ کے لیے ہدایات** اس بات کی نشاندہی کیجیے کہ سب چاہے بوڑھے ہوں، جوان ہوں، امیر ہوں یا غریب ہوں مسجد میں اکٹھے نماز پڑھتے ہیں۔ اللہ کے آگے سب برابر ہیں۔



www.perfect24u.com

ساتواں باب

# اپنے محلّے کو صاف ستھرا رکھنا

صاف ستھرا محلّہ ایک خوبصورت اور تن درستی والی جگہ ہوتی ہے۔

ہم اپنا محلّہ صاف ستھرا رکھتے ہیں۔ کیا آپ بھی ایسا کرتے ہیں؟

ہم کوڑا کوڑے دان میں ڈال کر اپنا محلّہ صاف ستھرا رکھتے ہیں۔

ہمارا کوڑا کم ہوتا ہے۔ کیونکہ ہم کچرے کو کم کرنے کے لیے بے کار چیزوں کو ٹھیک کر کے دوبارہ استعمال کرتے ہیں۔ اس طرح ہم بے کار چیزوں کو کارآمد بناتے ہیں۔




## کچرا کم کرنے کے طریقے۔

- پلاسٹک کی تھیلیاں استعمال نہ کیجیے۔
- بازار جاتے وقت ٹوکری ساتھ لے کر جائیے۔



## چیزیں دوبارہ استعمال کرنے کے طریقے۔

- جام کی خالی بوتلوں میں مصالحے رکھنا۔
- آئس کریم کے خالی ڈبوں میں کھانا رکھنا۔



## بے کار چیزوں کو کارآمد بنانا۔

- پرانے اخباروں سے لفافے بنانا۔
- ٹین کے خالی ڈبوں سے پینسل رکھنے کا ڈبہ بنانا۔



- گھر کے پرانے استعمال کیے ہوئے کپڑوں کے ٹکڑوں سے رِلّی بنانا۔



www.perfect24u.com

## سرگرمیاں

1۔ اپنے محلے کو صاف ستھرا رکھنے کے تین طریقے لکھیے۔

(i) ________________________________

(ii) ________________________________

(iii) ________________________________

2۔ لوگوں کو کوڑا کوڑے دان میں پھینکنے کی ترغیب دینے کے لیے ایک تختی بنائیے۔

3۔ مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک کیجیے۔

- ایک چھوٹے خالی ٹین کے ڈبے سے پینسل رکھنے کا ڈبہ بنائیے۔
- ایک پرانی بالٹی یا گھی کے ڈبے سے کوڑے دان بنائیے۔
- ایک پلاسٹک کی بوتل سے گُل دان بنائیے۔









www.perfect24u.com

# معاشرتی تعلقات







ہم بہت سے لوگوں کے ساتھ مل کر رہتے ہیں۔

ہمیں ایک دوسرے کا احترام کرنا چاہیے۔

چھوٹوں سے شفقت سے پیش آنا چاہیے۔

ضرورت مندوں کی مدد کرنی چاہیے۔

دوسروں سے نرمی سے بات کرنی چاہیے۔

بڑوں کو سلام کرنا چاہیے۔

**سرگرمی:**

سوالات پڑھ کر خالی جگہ میں "جی ہاں" یا "جی نہیں" لکھیے۔

(i) کیا ہمیں دوسروں سے لڑنا چاہیے؟ ____________________

(ii) کیا ہمیں اپنے بڑوں کا احترام کرنا چاہیے؟ ____________________

(iii) کیا ہمیں ضرورت مندوں کو نظر انداز کرنا چاہیے؟ ____________________

(iv) کیا ہمیں دوسروں سے نرمی سے بات کرنی چاہیے؟ ____________________

(v) کیا ہمیں چھوٹوں سے شفقت سے پیش آنا چاہیے؟ ____________________



www.perfect24u.com

1۔ اپنے محلے کی دُکانوں کے نام لکھیے۔ ہر دُکان کے سامنے کم از کم تین ایسی چیزوں کے نام لکھیے جو آپ دُکان سے خریدتے ہیں۔

| دکان کا نام | چیزیں جو آپ خرید سکتے ہیں۔ | | |
|---|---|---|---|
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |

2۔ مختلف چیزوں کی مختلف قیمتیں ہوتی ہیں۔




دُکان پر رکھی چیزوں اور ان کی قیمتوں کو دیکھیے۔ مندرجہ ذیل کالموں میں دی گئی چیزوں کو ان کی قیمتوں سے لائن کے ذریعے ملائیے۔

| چیزیں | قیمت |
|---|---|
| شیمپو | قیمت 250 روپے |
| چپس | قیمت 110 روپے |
| جام | قیمت 150 روپے |
| جوس | قیمت 85 روپے |
| خشک دودھ | قیمت 50 روپے |

3۔ ثنا کو ایک ڈبہ جُوس اور ایک پیکٹ چپس خریدنے کے لیے کتنی رقم کی ضرورت ہوگی؟ ______________________



www.perfect24u.com

4۔ مندرجہ ذیل تصاویر کے نام لکھیے۔ نیچے دیے گئے الفاظ سے مدد لیجیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| پارک | مسجد | کچّا مکان | صحت مرکز |









5۔ ایک ایسے پارک کی تصویر بنائیے جس میں آپ کھیلنا پسند کریں گے۔

**اساتذہ کے لیے ہدایات:** طلبہ سے ان کے اردگرد کی مختلف جگہوں کے بارے میں بات کیجیے۔ ان کے علاوہ اگر کچھ اور جگہیں موجود ہوں، تو اُن کی نشاندہی بھی کی جاسکتی ہے۔ مثلاً بینک، مندر، گرجا، وغیرہ۔



www.perfect24u.com

6۔ ایک سروے: آپ اپنے اسکول کو کتنی اچھی طرح جانتے/جانتی ہیں۔
مندرجہ ذیل سوالات کے جواب تلاش کیجیے۔

(i) آپ کے اسکول میں کتنے کمرے ہیں؟ ____________________

(ii) آپ کے اسکول میں کتنے طلبہ ہیں؟ ____________________

(iii) آپ کے اسکول میں کتنے استاد/استانیاں ہیں؟ ____________________

(iv) اسکول میں کیا کوئی کتب خانہ ہے؟ ____________________

(v) اسکول میں کیا کوئی کینٹین ہے؟ ____________________

(vi) اسکول میں کیا کوئی کھیل کا میدان ہے؟ ____________________

(vii) اسکول میں کیا کوئی اسٹاف روم ہے؟ ____________________

(viii) میرے/میری ٹیچر ____________ ہیں۔

(ix) میرے اسکول کے/کی ہیڈ مسٹریس ____________ ہیں۔

(x) میرے اسکول کے چوکیدار ____________ ہیں۔

7۔ اپنے اسکول کی تصویر بنائیے اور اپنے اسکول کو چند جملوں میں بیان کیجیے۔

____________________

____________________

____________________

**اساتذہ کے لیے ہدایات:** سروے کیجیے کہ طلبہ اپنے اسکول کے بارے میں کیا جانتے ہیں؟ اس سلسلے میں چار سے پانچ بچوں کا چھوٹا سا گروپ بنائیے۔ طلبہ سے اُن کے اسکول میں موجود مختلف جگہوں مثلاً سائنس ہال، ڈرائنگ ہال، لائبریری وغیرہ کے بارے میں بات کیجیے۔ ان کے علاوہ اگر کچھ اور جگہیں مثلاً بینک، مندر، گرجا گھر وغیرہ ہوں تو تصاویر کے ذریعے اُن کی نشاندہی کی جاسکتی ہے۔



www.perfect24u.com

8۔ تین ایسی چیزوں کے نام لکھیے جنھیں کر کے آپ صحت مند رہ سکتے ہیں اور دوسروں کو بیماریوں سے محفوظ رکھ سکتے ہیں۔

(i) ______________________________

(ii) ______________________________

(iii) ______________________________

9۔ مندرجہ ذیل خالی جگہوں کو پُر کر کے ایک ایسے واقعہ کے بارے میں بتایئے جب آپ یا آپ کے خاندان کا کوئی اور فرد بیمار ہوا ہو اور علاج کے لیے صحت مرکز گیا ہو۔

بیمار ہوا/ رہوئی/ رہوئے۔ ______________________ اُس کو/ اُن کو __________ تھا۔

ڈاکٹر نے مجھے/ انھیں __________ دی اور __________ کرنے کو کہا۔

10۔ مندرجہ ذیل نقشے کو دیکھ نیچے دیئے گئے الفاظ کی مدد سے باکس میں موجود جگہوں کے نام لکھیے۔

| گھر | دُکان | پارک | اسکول |
| --- | --- | --- | --- |



اساتذہ کے لیے ہدایات: سروے کیجیے کہ طلبہ اپنے اسکول کے بارے میں کیا جانتے ہیں؟ اس سلسلے میں چار سے پانچ بچوں کا چھوٹا سا گروپ بنایئے۔



www.perfect24u.com

## پہلا باب

# پودے

ہمارے اردگرد بہت سے پودے ہوتے ہیں۔

ہمارے گھر میں بہت سے پودے ہیں۔

آپ سب نے پودے دیکھے ہیں۔

پودے جاندار ہوتے ہیں۔



نیم کا درخت



آم کا درخت



گندم کے پودے



تربوزہ

**سرگرمی:**


گندم کے پودے کی تصویر بنائیں۔

**اساتذہ کے لیے ہدایت:** طلبہ کو کہیے کہ ان پودوں کی تصاویر کو دیکھیں اور بتائیں کہ ان میں کیا فرق ہے۔



www.perfect24u.com

# پودے کے حصّے





ایک پودے میں بہت سے حصے ہوتے ہیں۔
سامنے تصویر دیکھیں اور پودے کے حصوں کے نام پڑھیں۔

## سرگرمی:

پودے کے حصوں کے نام چُن کر اُس کے سامنے لکھیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| تنا | جڑ | پتّہ | پھول |





www.perfect24u.com


تیسرا باب

# پودوں کو بڑھنے کے لیے کن کن چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے؟

پودے ہماری طرح جاندار ہوتے ہیں اور ان کو بھی بڑھنے کے لیے چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے۔

نیچے دی ہوئی تصویر دیکھیں۔

پودے کو بڑھنے کے لیے کھانے / غذا، پانی، ہوا اور سورج کی روشنی (دھوپ) کی ضرورت ہوتی ہے۔






www.perfect24u.com

## سرگرمی:

1۔ پودے بھی ہماری طرح جاندار چیزیں ہیں انھیں بھی بڑھنے کے لیے چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے۔

(i) صحیح (✓) کا نشان لگائیے۔ کالم "الف" پر یہ بتانے کے لیے کہ ہمیں بڑھنے کے لیے کن اشیاء کی ضرورت ہوتی ہے۔

(ii) صحیح (✓) کا نشان لگائیے۔ کالم "ب" پر یہ بتانے کے لیے کہ پودوں کو بڑھنے کے لیے کن اشیاء کی ضرورت ہوتی ہے۔

| | کالم "الف"<br>ہمیں بڑھنے کے لیے جن چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے | کالم "ب"<br>پودوں کو بڑھنے کے لیے جن چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے |
|---|---|---|
| ضرورت |  |  |
| غذا | | |
| پانی | | |
| ہوا | | |
| سورج کی روشنی | | |



www.perfect24u.com

چوتھا باب

# پودے کیوں ضروری ہیں؟

ثنا اور علی اپنے والدین کے ساتھ فارم گئے۔ انھوں نے وہاں بہت سے پودے، پھل، سبزیاں اور پھول دیکھے۔



جب وہ تھک گئے اور ان کو بھوک لگنے لگی
تو وہ ایک درخت کے نیچے بیٹھ گئے۔



مالی نے ان کو تازہ آم کھانے کو دیے۔



انھوں نے درخت پر ایک پرندے کا گھونسلہ دیکھا۔

ثنا نے کہا کہ آج میں نے دیکھا کہ ہمیں پودوں کی ضرورت کیوں ہے۔
پودے ضروری ہیں کیوں کہ وہ ہمیں بہت سی چیزیں دیتے ہیں۔



www.perfect24u.com

## سرگرمیاں:

1۔ ان پانچ اشیاء کی فہرست بنائیے جو پودے ہمیں دیتے ہیں۔

(i) ____________________

(ii) ____________________

(iii) ____________________

(iv) ____________________

(v) ____________________

2۔ دو پھول، دو پھل اور دو سبزیوں کی تصاویر بنائیں۔

| پھول | پھل | سبزیاں |
| --- | --- | --- |
| | | |
| | | |



www.perfect24u.com

## پانچواں باب

# ہمارے استعمال کی بہت سی چیزیں پودوں سے بنتی ہیں

یہاں بہت ساری چیزیں ہیں جو پودوں سے بنتی ہیں۔

ہم گھر، فرنیچر، کاغذ، کپڑے، تیل اور دوائی پودوں سے بناتے ہیں۔




فرنیچر



لکڑی کا گھر



کپڑے



کاغذ اور پینسل



چٹائی




تیل

**سرگرمیاں:**

1۔ اپنی کلاس کے اِرد گرد دیکھیں۔ ان چیزوں کو تلاش کریں جو پودوں سے بنی ہیں۔ فہرست بنائیں۔

(i) ______________________

(ii) ______________________

(iii) ______________________

(iv) ______________________

(v) ______________________

2۔ کلاس میں ایک پودے کو گملے میں اُگائیں۔ پودے کا مشاہدہ کریں۔ ہر ہفتے اس کی نشوونما کا جائزہ لیں اور دیا گیا چارٹ مکمل کریں۔

| | پودے کی اونچائی | پتوں کی تعداد | چوتھے ہفتے میں پودے کی جو شکل سامنے آئے اس کی تصویر بنائیں اور اس کے حصوں کے نام لکھیں۔ |
|---|---|---|---|
| پہلا ہفتہ | | | |
| دوسرا ہفتہ | | | |
| تیسرا ہفتہ | | | |
| چوتھا ہفتہ | | | |



www.perfect24u.com

چھٹا باب

# جانور

ہمارے اِردگرد بہت سے جانور ہیں۔

کیا آپ چند جانوروں کے نام بتا سکتے ہیں؟



اونٹ



گھوڑا



گائے



بکری



مرغی



طوطا



مچھلی



مینڈک



لال بیگ

یہ جانور ایک دوسرے سے کیسے مختلف ہیں؟



www.perfect24u.com

## سرگرمی:

پچھلے صفحے پر دی گئی تصاویر کو غور سے دیکھیے اور نیچے دیئے گئے چارٹ (ٹیبل) کو پُر کیجیے۔

| جانوروں کے نام | ان کے کتنے پاؤں ہیں | ان کی کتنی آنکھیں ہیں | ان کا جسم کس سے ڈھکا ہوا ہے (پر، بال سیکلیس، کھال) | یہ کیسے حرکت کرتے ہیں (اُڑنا، چلنا، تیرنا) |
|---|---|---|---|---|
| گائے | | | | |
| مرغی | | | | |
| لال بیگ | | | | |
| بکری | | | | |
| گھوڑا | | | | |
| مچھلی | | | | |
| طوطا | | | | |
| مینڈک | | | | |

اساتذہ کے لیے ہدایت: طلبہ سے کہیے کہ پچھلے صفحے پر موجود جانوروں کی تصاویر دیکھیں، اُن سے کہیں کہ جانوروں کی ٹانگیں گنیں اور کالم میں دئے گئے چارٹ میں لکھیے ۔ پھر انھیں خود کام کرنے دیں۔اس بات کا یقین کرلیں کہ طلبہ اُن جانوروں کے نام بتائیں گے جن کی تصاویر ان کے پاس موجود ہیں۔



www.perfect24u.com

ساتواں باب

# جانوروں کی خوراک

جانور آپ کی طرح جاندار چیزیں ہیں۔

اُن کو زندہ رہنے کے لیے کھانے کی ضرورت ہوتی ہے۔

بھیڑ، گائے اور بکریاں گھاس کھاتی ہیں۔

بلی، کتے اور شیر گوشت کھاتے ہیں۔

سرگرمی:

جانوروں کو زندہ رہنے کے لیے خوراک کی ضرورت ہوتی ہے۔کالم (الف) میں جانوروں کے نام دیئے گئے ہیں اور کالم (ب) میں یہ جانور جو خوراک کھانا پسند کرتے ہیں، دیئے گئے ہیں۔ ایک لائن کھینچیں جو اِن جانوروں کو اُن کے پسندیدہ کھانوں سے ملاتی ہے۔

| کالم (الف)<br>جانوروں کے نام | کالم (ب)<br>ان کا کھانا |
|---|---|
| بلی |  |
| گائے |  |
| کتا |  |
| مچھلی |  |
| مرغی |  |
| طوطا |  |



www.perfect24u.com

# گھریلو جانور

جانور آپ کی طرح جاندار ہیں۔
اُنھیں رہنے کے لیے پناہ گاہ چاہیے۔



تصویر(1)

تصویر(1) پر دیکھیں۔
ایک پرندہ اپنے گھونسلے میں بیٹھا ہوا ہے۔
پرندے کا گھر گھونسلا کہلاتا ہے۔
اکثر پرندے اپنے گھونسلے درختوں پر بناتے ہیں۔



تصویر(2)

تصویر(2) پر دیکھیں۔
ایک خرگوش اپنے گھر سے باہر آ رہا ہے۔
خرگوش کا گھر بِل کہلاتا ہے۔
خرگوش اپنے بِل زمین میں بناتے ہیں۔



www.perfect24u.com

نواں باب

# باڑہ (فارم)، پالتو اور جنگلی جانور

گائے، بکریوں اور گھوڑوں جیسے جانوروں کو باڑہ (فارم) میں پالا جاتا ہے۔

یہ باڑہ (فارم) کے جانور ہیں۔





کتے، بلی اور طوطے جیسے جانوروں کو گھر میں پالا جاتا ہے۔
یہ پالتو جانور ہیں۔






شیر، ریچھ اور ہاتھی جیسے جانور گھر یا فارم میں نہیں رکھے جاسکتے، وہ جنگل میں رہتے ہیں۔

یہ جنگلی جانور کہلاتے ہیں۔





اساتذہ کے لیے ہدایت: فارم کے جانور، پالتو جانور اور جنگلی جانوروں میں فرق واضح کریں۔ کیا طلبہ کے پاس کوئی دوسرے فارم، پالتو اور جنگلی جانوروں کے نام ہیں۔



www.perfect24u.com

## سرگرمیاں:

1۔ ثنا اور علی دونوں کو جانور پسند ہیں۔ وہ اپنے گھر پر ایک جانور رکھنا چاہتے ہیں۔ اُن کو نہیں پتا کہ کون سا جانور وہ رکھ سکتے ہیں۔ اُن کو آپ کی مدد کی ضرورت ہے۔

### بلی



(i) کیا آپ جانتے ہیں کہ بلی کیا کھاتی ہے؟ ____________

(ii) یہ کہاں رہتی ہے؟ ____________

(iii) کیا آپ اُس کے ساتھ کھیل سکتے ہیں؟ ____________

(iv) کیا آپ اُس کا خیال رکھ سکتے ہیں؟ ____________

### شیر



(i) کیا آپ جانتے ہیں کہ شیر کیا کھاتا ہے؟ ____________

(ii) یہ کہاں رہتا ہے؟ ____________

(iii) کیا آپ اُس کے ساتھ کھیل سکتے ہیں؟ ____________

(iv) کیا آپ اُس کا خیال رکھ سکتے ہیں؟ ____________

(v) ثنا اور علی کون سا جانور گھر پر رکھ سکتے ہیں؟ ____________

2۔ درج ذیل سوالوں کے جواب دیجیے۔

(i) کیا آپ کا کوئی پالتو جانور ہے؟ ____________

(ii) آپ کے پالتو جانور کا نام کیا ہے؟ ____________

(iii) یہ کیا کھاتا ہے؟ ____________

(iv) کیا آپ اُس کا خیال رکھ پاتے ہیں؟ ____________

(v) کیا آپ اُس سے محبت کرتے ہیں؟ ____________



www.perfect24u.com

دسواں باب

# جانوروں کی دیکھ بھال



جانوروں کو خوراک کی ضرورت ہوتی ہے۔

جانوروں کو پانی کی ضرورت ہوتی ہے۔



جانوروں کو پناہ کے لیے گھر کی ضرورت ہوتی ہے۔



جانوروں کو ہمارے خیال اور محبت کی ضرورت ہوتی ہے۔

**اساتذہ کے لیے ہدایت:** ان طلبہ کو گروپ میں تقسیم کریں جن کے پاس ایک جیسے پالتو جانور ہیں۔ ہر گروپ کلاس کو بتائے کہ وہ اپنے پالتو جانوروں کا کیسے خیال رکھتے ہیں۔



www.perfect24u.com

گیارھواں باب

# جانوروں کی اہمیّت

جانور ہمارے لیے بہت فائدہ مند ہیں۔ وہ ہمیں خوراک دیتے ہیں۔



مرغیاں انڈے دیتی ہیں۔

ہم گائے، مرغی اور مچھلی کا گوشت کھاتے ہیں۔



گائیں دودھ دیتی ہیں۔



یہ ہمیں ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے میں مدد دیتے ہیں۔



ہم تانگے میں ایک جگہ سے دوسری جگہ سفر کرتے ہیں۔



ہم گھوڑے کی سواری کرتے ہیں۔



www.perfect24u.com

## سرگرمی:

پچھلے صفحہ پر تصویریں دیکھ کر بتائیں کہ جانور ہمارے لیے کیسے فائدہ مند ہیں۔



(i) ہم مرغی سے ______________حاصل کرتے ہیں۔

(ii) ہم مچھلی سے ______________حاصل کرتے ہیں۔

(iii) ہم ایک جگہ سے دوسری جگہ ________گاڑی میں جاتے ہیں۔

**اساتذہ کے لیے ہدایت:** اس سبق کو پڑھنے سے پہلے طلبہ کو سوچنے اور پہچاننے دیں کہ جانور ہمیں خوراک فراہم کرتے ہیں۔



www.perfect24u.com


1۔ کالم "الف" میں دیئے گئے پودے کے حصوں کے نام پڑھیں اور کالم "ب" میں ان کی تصویر بنائیں۔

| کالم "الف" | کالم "ب" |
|---|---|
| پھول | |
| پتے | |
| شاخیں | |
| تنا | |
| جڑیں | |



www.perfect24u.com

2۔ پودے مناسب ماحول میں نشوونما پاتے ہیں۔ کالم "الف" میں مختلف شرائط دی گئی ہیں۔ کالم "ب" میں لکھیں کہ آیا پودوں کی نشوونما بہت زیادہ ہوگی، کم ہوگی یا بالکل نہیں ہوگی۔

| کالم "الف"<br>نشوونما کے لیے ضروری ماحول<br>(بیج کیسے بویا جائے گا)<br>بیج سے پودے کا بننا | کالم "ب"<br>اندازے<br>آپ کے خیال میں پودے کی نشوونما<br>(بہت زیادہ ہوگی، کم ہوگی یا بالکل نہیں ہوگی) |
|---|---|
| اگر بیج کو پانی اور سورج کی روشنی دی جائے۔  | |
| اگر بیج کو پانی دیا جائے اور سورج کی روشنی نہ دی جائے۔  | |
| اگر بیج کو سورج کی روشنی دی جائے اور پانی نہ دیا جائے۔  | |
| اگر بیج کو نہ پانی دیا جائے اور نہ سورج کی روشنی دی جائے۔  | |

**اساتذہ کے لیے ہدایت:** یہ سرگرمی طلبہ کے ساتھ کیجیے۔ کالم "الف" میں نشوونما کے لیے ضروری ماحول/حالات کو پڑھیے اور طلبہ سے اندازہ لگوائیے کہ موسم کے اِن حالات میں پودے کی نشوونما بہت زیادہ ہوگی، یا کم ہوگی یا بالکل نہیں ہوگی۔



www.perfect24u.com

3۔ پودے ہمیں بہت سی چیزیں دیتے ہیں۔ جو چیزیں پودے ہمیں دیتے ہیں ان پر دائرہ لگائیے آپ کی مدد کے لیے ایک پر دائرہ لگایا گیا ہے۔










4۔ نیچے دی گئی تصاویر کو دیکھیں۔ پانچ چیزوں کے گرد دائرہ بنائیں جو پودوں سے بنی ہیں۔












www.perfect24u.com

5۔ مندرجہ ذیل جملوں کو پڑھیے۔صحیح جواب کے آگے "ص"اور غلط کے آگے "غ" لکھیں۔

(i) قالین پودوں سے بنتے ہیں۔ ______

(ii) دروازے پودوں سے بنتے ہیں۔ ______

(iii) پنکھے پودوں سے بنتے ہیں۔ ______

(iv) کاغذ پودوں سے بنتا ہے۔ ______

(v) پینسل پودوں سے بنتی ہے۔ ______

(vi) میز پودے سے بنتی ہے۔ ______

(vii) دیواریں پودوں سے بنتی ہیں۔ ______

(viii) آپ کے کپڑے پودوں سے بنتے ہیں۔ ______

6۔ گھر کا چکر لگائیں۔دیئے گئے چارٹ میں چیزوں کے نام لکھیں۔

| چیزیں جو پودوں سے نہیں بنی ہیں | چیزیں جو پودوں سے بنی ہیں |
|---|---|
| ______ | ______ |
| ______ | ______ |
| ______ | ______ |
| ______ | ______ |
| ______ | ______ |



www.perfect24u.com

7- خالی جگہیں پُر کریں۔

| جانور | جانور کا نام | کھانا جو وہ کھاتے ہیں | وہ کیسے حرکت کرتے ہیں | ہم ان سے کیا حاصل کرتے ہیں |
|---|---|---|---|---|
|  | | | | |
|  | | | | |
|  | | | | |
|  | | | | |
|  | | | | |

8- کالم "الف" میں جانوروں کے نام دیئے گئے ہیں کالم "ب" میں ان کے گھروں کے نام لکھیئے۔

| کالم "الف"<br>جانور | کالم "ب"<br>ان کے گھر |
|---|---|
| طوطا | |
| خرگوش | |
| مچھلی | |

9- نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات دیں۔

(الف) دو جانوروں کے نام جو گھاس کھاتے ہیں۔ (i) ____________ (ii) ____________

(ب) دو جانوروں کے نام جو گوشت کھاتے ہیں۔ (i) ____________ (ii) ____________

(ج) تین چیزوں کے نام لکھیں جو تمام جانداروں کے زندہ رہنے کے لیے ضروری ہیں۔


(i) ____________ (ii) ____________ (iii) ____________



www.perfect24u.com

10۔ (الف) خانے میں دیئے گئے الفاظ کی مدد سے ہر جانور کا نام لکھیں اور رنگ بھریں۔

گھوڑا کتا طوطا ہاتھی بلی گائے ہرن مچھلی



(ب) خانے میں دیئے گئے الفاظ کی مدد سے جانوروں کے نام لکھیں جہاں وہ رہتے ہیں۔

تالاب جنگل گھر (باڑہ) فارم درخت

| جانوروں کے نام | جہاں وہ رہتے ہیں |
|---|---|
| ہرن | |
| ہاتھی | |
| گائے | |
| کتا | |
| مچھلی | |
| طوطا | |
| گھوڑا | |
| بلی | |
| بطخ | |



www.perfect24u.com


# ساتواں یونٹ ہمارے اِردگرد کی چیزیں

پہلا باب

## چیزیں مختلف جسامت کی ہوتی ہیں

ہمارے اردگرد بہت سی چیزیں ہیں۔

چیزیں مختلف جسامت کی ہوتی ہیں۔



بڑا



چھوٹا



بڑا



چھوٹا

کچھ چیزیں بڑی اور کچھ چھوٹی ہوتی ہیں۔

**سرگرمی:**

کچھ بڑی جسامت کی چیزیں کالم (الف) میں دی گئی ہیں۔ اِن چیزوں کو چھوٹی جسامت میں کالم (ب) میں بنائیں اور رنگ بھریں۔

| کالم (الف) | کالم (ب) |
|---|---|
|  | |
|  | |
|  | |



www.perfect24u.com

# چیزیں مختلف شکل کی ہوتی ہیں

ہمارے اِردگرد مختلف شکل کی چیزیں ہیں۔



کچھ چیزیں چوکور ہوتی ہیں۔



کچھ چیزیں گول ہوتی ہیں۔



کچھ چیزیں تکون ہوتی ہیں۔




کچھ چیزیں مستطیل ہوتی ہیں۔

**سرگرمی:** نیچے دی گئی تصاویر کو غور سے دیکھیں۔ اُن کے نیچے اُن کی شکل لکھیں۔ ایک جیسی شکل کی چیزوں کو ایک لائن کھینچ کر ملائیں۔



______



______



______



______



______



______



______



______



www.perfect24u.com

تیسرا باب

# چیزیں مختلف ساخت کی ہوتی ہیں

ہمارے اِردگرد چیزیں مختلف ساخت کی ہوتی ہیں۔



کچھ چیزیں نرم ہوتی ہیں۔



کچھ چیزیں سخت ہوتی ہیں۔



کچھ چیزیں ناہموار ہوتی ہیں۔



کچھ چیزیں ہموار ہوتی ہیں۔

سرگرمی:

جماعت کا چکر لگائیں، ہر چیز کو احتیاط سے چھو کر محسوس کریں اور نیچے دیئے گئے چارٹ کو مکمل کریں۔

| چیز کا نام | چیز کی ساخت (بناوٹ) |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |




www.perfect24u.com


چوتھا باب

# چیزیں مختلف وزن کی ہوتی ہیں





کچھ چیزیں بھاری ہوتی ہیں اور کچھ ہلکی۔




ہلکی چیزیں آسانی سے اُٹھ جاتی ہیں۔






بھاری چیزیں آسانی سے نہیں اٹھائی جاسکتیں۔

سرگرمیاں:

1- ہر خانے میں دو چیزیں دی گئی ہیں۔ بھاری چیزوں پر (✓) کا نشان لگائیں۔



اساتذہ کے لیے ہدایت: جماعت میں موجود چیزوں کا موازنہ کرکے کہ ہلکی اور بھاری چیزوں کا فرق واضح کریں۔



www.perfect24u.com

2 ۔ یہ سرگرمی کلاس میں کریں۔



## درکار چیزیں

پلاسٹک کے کپ

ہینگر

دو ایک جیسی لمبائی کے دھاگے

### طریقہ کار

1۔ ہینگر کے ایک ایک سرے پر دھاگے سے باندھ کر کاغذ کے کپ لٹکائیں۔ ہینگر کو کسی کیل کے سہارے لٹکائیں۔ اب یہ آپ کا ترازو بن جائے گا۔

2 ۔ ایک کپ میں کوئی ایک چیز ڈالیں اور دیکھیں کیا ہوتا ہے۔ دوسرے کپ میں کوئی اور چیز ڈالیں اور دیکھیں کیا ہوتا ہے۔ چارٹ کو مکمل کریں۔

| کپ "الف" میں چیزیں | کپ "ب" میں چیزیں | مشاہدہ | | مشاہدے کی وجہ | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | کپ "الف" کی حالت اوپر/ نیچے | کپ "ب" کی حالت اوپر/ نیچے | کپ "الف" میں چیزیں ہلکی/ بھاری | کپ "ب" میں چیزیں ہلکی/ بھاری |
| | | | | | |
| | | | | | |
| | | | | | |

اساتذہ کے لیے ہدایت: اس سرگرمی کو خود انجام دیں اور طلبہ کو شامل کر کے بھاری اور ہلکی کے تصور کو واضح کریں۔



www.perfect24u.com

پانچواں باب

# چیزیں مختلف مادّوں سے بنائی ہوتی ہیں

ہمارے اِردگِرد کی چیزیں مختلف (مادّے) دھات سے بنی ہوتی ہیں۔

چیزیں کپڑے، دھات، کاغذ، پلاسٹک، ربڑ اور لکڑی کی بنی ہوئی ہوتی ہیں۔



دھات ⇦ چابی




لکڑی ⇦ فرنیچر



پلاسٹک ⇦ کھلونے



ربڑ ⇦ ٹائر



کاغذ ⇦ کتابیں



دھاگے ⇦ کپڑے

اساتذہ کے لیے ہدایت: طلبہ سے پوچھیں کہ ان کے گھر میں موجود کرسیاں ہیں؟ کس مادّے سے بنی ہیں۔ طلبہ سے مزید روزمرہ کی استعمال میں آنے والی چیزوں کے بارے میں پوچھیں۔ مثلاً گیند، جس سے وہ کھیلتے ہیں، پلیٹ جس میں وہ کھاتے ہیں، ان کے جوابات بورڈ پر لکھیں۔ اور بتائیں کہ چیزیں مختلف اقسام کے مادّوں (دھاتوں) سے بنی ہوئی ہوتی ہیں۔



www.perfect24u.com

## سرگرمی:

1۔ چیزیں جن مواد سے بنی ہیں۔اُن کی مناسبت سے اُن کو الگ کریں۔

2۔ جو چیزیں جس مواد سے بنی ہیں، اُس چیز کے لیے دیئے گئے خانے میں لکھیں۔

آپ کے لیے پہلی سرگرمی دی گئی ہے۔




| دھات | پلاسٹک | لکڑی |
|---|---|---|
| | | الف |
| | | |
| | | |



www.perfect24u.com

# کچھ چیزیں آواز بناتی ہیں

ہم اپنے اردگرد بہت سی آوازیں سنتے ہیں۔

مختلف چیزیں آوازیں پیدا کرتی ہیں۔

مختلف چیزیں مختلف آوازیں پیدا کرتی ہیں۔

**کیا آپ جانتے ہیں آواز کیسے پیدا ہوتی ہے؟**



اپنا ہاتھ اپنے گلے پر رکھیں

اور اپنا نام پکاریں۔

آپ کیا محسوس کریں گے؟

آپ نے جو محسوس کیا اس کو ارتعاش کہتے ہیں۔

آواز ارتعاش سے پیدا ہوتی ہے۔



**کیا آپ جانتے ہیں؟**

ہم آواز کیسے سُنتے ہیں۔

ہم کانوں سے آواز سُنتے ہیں۔

## سرگرمیاں:

1۔ تصاویر کو دیکھیں ۔ بچہ آواز پیدا کرنے کے لیے کیا رہا ہے۔ دیئے گئے خانے میں سے صحیح جواب چُن کر لکھیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| رگڑنا | پھونک مارنا | ہلانا | بجانا |








www.perfect24u.com

لوگ ڈھول بجا کر آواز پیدا کر رہے ہیں۔

ثنا اور اس کے دوست اس کے قریب کھڑے ہیں۔



ثنا اور اس کے دوست

ضیاء اُن سے دُور کھڑا ہے۔



ضیاء

2۔ سوالات کے جواب دیں۔

(i) آپ کے خیال میں ثنا کو صاف طور پر آواز سُنائی دے گی۔ (ہاں / نہیں)

کیوں؟ ____________________

(ii) آپ کے خیال میں ضیاء کو صاف آواز سُنائی دے گی۔ (ہاں / نہیں)

کیوں؟ ____________________

3۔ آپ خود آواز پیدا کریں۔

**مواد۔** پانی چائے کا چمچہ آٹھ گلاس

**طریقہ کار**

(i) ایک جیسی شکل اور جسامت کے آٹھ گلاس ایک قطار میں رکھیں۔

(ii) پہلے گلاس کو اُونچے سُر کے لیے 1/8 حصہ پانی سے بھریں۔ اگر سُروں کے لیے دوسرا گلاس 1/4 اور تیسرا 3/8 بھرنا چاہیے۔ اور اسی طرح باقی بھی۔

(iii) ہر گلاس سے موسیقی کے پیمانے (سا رے گا، ما پا دا نی) کے ایک سُر کی آواز آنی چاہیے۔ ہر سُر کو صحیح کرنے کے لیے گلاس میں سے پانی کم یا زیادہ کر سکتے ہیں۔

(iv) طلبہ دھاتی چمچہ آرام سے استعمال کر کے کوئی بھی نظم سُر بنا سکتے ہیں۔

جیسے۔

(i) پلاسٹک گلاس اور پتھر/چاول۔ (ہلانے سے)

(ii) خالی بوتل میں پھونک مارنا۔

اساتذہ کے لیے ہدایت: اس سرگرمی کو آگے بڑھاتے ہوئے کوئی بھی دوسری چیزیں استعمال کر سکتے ہیں جو آواز پیدا کریں۔



www.perfect24u.com

# کچھ چیزیں روشنی دیتی ہیں


کیا آپ رات میں چیزیں دیکھ سکتے ہیں؟

کیا آپ دن میں چیزیں دیکھ سکتے ہیں؟

ہمیں چیزیں دیکھنے کے لیے روشنی کی ضرورت ہوتی ہے۔


نیچے کچھ چیزیں دی گئی ہیں جو روشنی دیتی ہیں۔










چیزوں سے آنے والی روشنی تیز یا مدّھم ہوتی ہیں۔



تیز روشنی



مدّھم روشنی

**سرگرمی:**

دی گئی تصویر کو دیکھیں۔




1۔ تصویر میں دی گئی چیزوں کے نام لکھیں۔

(الف)__________ (ب)__________ (ج)__________ (د)__________ (ھ)__________

2۔ تیز یا مدّھم لکھ کر بتائیں کہ کون سی چیز مدّھم اور کون سی تیز ہے۔

(الف)__________ (ب)__________ (ج)__________ (د)__________ (ھ)__________



www.perfect24u.com

1۔ چارٹ مکمل کیجیے۔

| چیزیں | چیزوں کی شکل (گول، چوکور، مستطیل، تکون) | مواد جس سے چیزیں بنی ہیں (لکڑی، پلاسٹک، دھات، ربڑ) | چیزوں کی ساخت (ہموار، ناہموار، سخت، نرم) |
|---|---|---|---|
|  ٹینس گیند | | | |
|  کھڑکی | | | |
|  اشارے کا تختہ | | | |
|  میز | | | |
|  ربڑ | | | |
|  سکہ | | | |
|  دروازہ | | | |
|  ٹوکری | | | |



www.perfect24u.com

2۔ یہ چیزیں کس مادے سے بنی ہیں؟ جوابات لکھیں۔ اپنی مدد کے لیے خانہ کو استعمال کریں۔ ایک لفظ ایک سے زیادہ بار استعمال ہو سکتا ہے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لکڑی | شیشہ | پر | دھات | کپڑا | پلاسٹک |



(الف) ____

(ب) ____




(الف) ____

(ب) ____



(الف) ____

(ب) ____



(الف) ____

(ب) ____

3۔ اگر جملہ درست ہے تو "ص" لکھیں اور غلط تو "غ" لکھیں۔

- پتھر ہموار ہوتا ہے۔ ____________
- پر ہلکے ہوتے ہیں۔ ____________
- گیند گول ہوتی ہے۔ ____________
- سکہ لکڑی سے بنتا ہے۔ ____________
- پتھر سخت ہوتا ہے۔ ____________


4۔ آپ اپنے اردگرد دیکھیں۔ چیز کو پہچانیے۔ چیز کی تصویر بنا کر نام، جسامت، شکل اور جس مواد سے بنی ہے لکھیں۔

چیز کا نام ____________ جسامت ____________ شکل ____________ مواد ____________



www.perfect24u.com

5۔ چھوٹی چیزوں میں رنگ بھریں۔



6۔ تصویروں کو دیکھیں۔اس میں بہت سی چیزیں دی گئی ہیں۔خالی جگہوں کو پُر کریں۔اپنی مدد کے لیے خانہ کا استعمال کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| پھونک مارنے سے | رگڑنے سے | ہلانے سے | مارنے سے |






________ ________ ________ ________

7- درج ذیل تصویر کو دیکھیے۔اس میں بہت ساری چیزیں شامل ہیں۔دیئے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہیں پُر کریں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مٹی کا گلدان | میز | دروازہ | ٹوکری | مالٹے |



ناہموار ہے۔ ________________

ہموار ہے۔ ________________

بھاری ہے۔ ________________

ہلکی ہے۔ ________________



www.perfect24u.com

# آٹھواں یونٹ موسم اور سال کے موسم

## پہلا باب

## موسم

موسم روزانہ بدلتا ہے۔

تصویر دیکھ کر سوالات کے جوابات دیں اور بتائیں کہ یہ کیسا موسم ہے؟



آپ تصویر میں کیا دیکھ سکتے ہیں۔

یہ کیسا نظر آتا ہے؟

آپ اس دن کیسا محسوس کریں گے۔

آج دھوپ ہے۔



تصویر دیکھ کر سوالات کے جوابات دیں اور بتائیں کہ یہ کیسا موسم ہے؟

آپ تصویر میں کیا دیکھ سکتے ہیں۔

کیا سورج چمک رہا ہے یا بادلوں میں چھپ رہا ہے؟

آپ اس دن کیسا محسوس کریں گے۔

آج بادل چھائے ہوئے ہیں۔



تصویر دیکھ کر سوالات کے جوابات دیں اور بتائیں کہ یہ کیسا موسم ہے؟

آپ تصویر میں کیا دیکھ سکتے ہیں۔

آپ اس دن کیسا محسوس کریں گے۔

آج بارش ہو رہی ہے۔



www.perfect24u.com



تصویر دیکھ کر سوالات کے جوابات دیں اور بتائیں کہ یہ کیسا موسم ہے؟

آپ تصویر میں کیا دیکھ سکتے ہیں۔

آپ اس دن کیسا محسوس کریں گے۔

آج ہوا چل رہی ہے۔

## سرگرمی

ا۔ الفاظ تلاش کریں۔

نیچے دیئے گئے الفاظ تلاش کریں؟ پہلا آپ کے لیے کیا گیا ہے۔

موسم تیز روشنی برفانی ہوادار گرم بادل والا عمدہ برساتی





| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گ | ر | م | ا | ب | ٹ | ت | ہ |
| ک | ع | م | د | ہ | ے | ء | و |
| پ | ت | ی | ب | م | ن | ا | ا |
| ب | ر | ف | ا | ن | ی | م | د |
| گ | ت | م | و | س | م | ر | ا |
| پ | ت | ی | ب | م | ن | ا | ر |
| ت | ی | ز | ر | و | ش | ن | ی |
| گ | ر | ب | ر | س | ا | ت | ی |
| ب | ا | د | ل | و | ا | ل | ا |







www.perfect24u.com

# موسم کا اندازہ لگانا (پیشن گوئی)

جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ موسم روزانہ بدلتا ہے۔

آج آپ کیسا محسوس کر رہے ہیں۔

آج موسم کیسا ہے؟

آپ کے خیال میں کل موسم کیسا ہوگا؟

آنے والے ہفتے میں موسم کا اندازہ لگائیں۔

**سرگرمی** 1۔ آنے والے ہفتوں میں موسم کا اندازہ لگائیں۔

| | موسم |
|---|---|
| پیر | ______________ |
| منگل | ______________ |
| بدھ | ______________ |
| جمعرات | ______________ |
| جمعہ | ______________ |
| ہفتہ | ______________ |
| اتوار | ______________ |

**ٹیچر کے لیے ہدایات:** ہر روز طلبہ کے اندازہ کیے ہوئے موسم کو اس دن کے موسم سے ملائیں۔ طلبہ سے بات چیت کریں کہ آنے والے دنوں کے لیے موسم کا اندازہ لگانا کیوں ضروری ہے۔ آپ طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں اگر وہ جانتے ہیں کہ موسم کی مناسبت سے کیسا لباس پہننا چاہیے۔



www.perfect24u.com

تیسرا باب

# سال کے موسم

اگر موسم چند مہینے ایک جیسا ہی رہتا ہے تو ہم اس کو سال کے موسم کہتے ہیں جو سال میں تبدیل ہوتے رہتے ہیں۔

ایک سال میں چار موسم ہوتے ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| موسمِ بہار | موسمِ گرما | موسمِ خزاں | موسمِ سرما |

ہر ایک موسم میں آب وہوا ایک جیسی رہتی ہے۔
جب آپ نئے پتے اور پھول پودوں پر دیکھتے ہیں
تو یہ موسمِ بہار ہوتا ہے۔



جب آپ گرمی محسوس کریں اور ٹھنڈا پانی پینا چاہیں اور
آئس کریم کھانا چاہیں تو یہ موسمِ گرما ہے۔



جب آپ دیکھتے ہیں کہ پتے پیلے ہو گئے اور گرنے لگے
تو یہ موسمِ خزاں ہے۔



جب آپ ٹھنڈ محسوس کریں اور گرم کپڑے پہننا چاہیں
تو یہ موسمِ سرما ہے۔





www.perfect24u.com

1۔ کالم (الف) میں موسموں کی تصاویر دی گئی ہیں۔ اور کالم (ب) میں کچھ چیزیں ہیں جو ہم موسموں میں استعمال کرتے ہیں۔ ایک لکیر کے ذریعے موسموں کو اُن چیزوں سے ملائیے جو اس موسم میں استعمال ہوتی ہیں۔

| کالم (الف)<br>موسم | کالم (ب)<br>جو چیزیں ہم موسم میں استعمال کرتے ہیں۔ |
|---|---|
| <br><br><br> | 1۔ <br>2۔ <br>3۔ <br>4۔ <br>5۔ <br>6۔ <br>7۔ <br>8۔ <br>9۔ <br>10۔  |



www.perfect24u.com

2۔ چار موسموں کی تصویر دیکھیے اور خانے میں دیئے گئے موسموں کے ناموں کو چُن کر ہر تصویر کے نیچے لکھیے۔

| موسمِ بہار | موسمِ گرما | موسمِ خزاں | موسمِ سرما |
| --- | --- | --- | --- |










3۔ سوالوں کے جواب دیجیے۔ ہر خالی جگہ میں صحیح موسم کا نام لکھیے۔

(i) سب سے گرم موسم کون سا ہے؟ ____________________

(ii) سب سے سرد موسم کون سا ہے؟ ____________________

(iii) کس موسم میں نئے پھول کھلتے ہیں؟ ____________________

(iv) کس موسم میں پتے پیلے ہو کر گرتے ہیں؟ ____________________

(v) آج کون سا موسم ہے؟ ____________________



www.perfect24u.com

4۔ چارٹ مکمل کریں۔



| موسم کی قسم | موسم کی تصویر بنائیے (خانے میں سے علامتیں استعمال کریں) | جو کپڑے آپ پہنتے ہیں۔ | جو کھانا آپ کھاتے ہیں۔ | ہر موسم میں آپ کیا محسوس کرتے ہیں۔ |
|---|---|---|---|---|
| دھوپ | | | | |
| بادل | | | | |
| بارش | | | | |
| ہوا | | | | |

5۔ سوالوں کے جواب دیں اور بتائیں کہ آج کا موسم کیسا ہے۔

(i) آج آپ کیسا محسوس کر رہے ہیں؟ ____________

(ii) کیا آپ گرمی محسوس کر رہے ہیں؟ ____________

(iii) کیا سورج چمک رہا ہے؟ ____________

(iv) کیا ہوا چل رہی ہے؟ ____________

(v) کیا بادل چھائے ہوئے ہیں؟ ____________

(vi)

(vii) آج باہر کا موسم کیسا ہے؟ ____________



www.perfect24u.com

# ذرائع آمدورفت

## پہلا باب



ثنا اور علی روزانہ اسکول بس میں جاتے ہیں۔



اِن کے امی اور ابو کام پر گاڑی میں جاتے ہیں۔



ان کے چچا لاہور ریل سے انہی سے ملنے آئے۔
وہ اِن کو لینے ریلوے اسٹیشن گئے۔




اگلے ہفتے اِن کے والد ہوائی جہاز سے دبئی جائیں گے۔

**اساتذہ کے لیے ہدایت:** طلبہ کو بتائیں کہ موٹر گاڑی، بس، ریل گاڑی اور ہوائی جہاز ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے کے لیے ہم استعمال کرتے ہیں۔ یہ تمام ہمارے آمدورفت کے ذریعے ہیں اور ہم اِن کو آمدورفت کہتے ہیں۔



www.perfect24u.com

## سرگرمیاں:

1۔ نیچے دیئے ہوئے الفاظ کی مدد سے سواریوں کے نام تصویر کے نیچے دیئے ہوئے خانوں میں تحریر کریں۔

ہوائی جہاز   موٹرسائیکل   بس   کار   گدھا گاڑی   رکشہ   ریل گاڑی   ٹرک   وین   کشتی   سائیکل













2۔ اوپر دی ہوائی سواریوں میں بتایئے کون تیز رفتار ہے اور کون سی سواری آہستہ ہے۔

______________________________




ہوائی جہاز آسمان میں اُڑتے ہیں۔
وہ ہوائی اڈے سے اُڑتے اور اُترتے ہیں۔



بس، گاڑیاں اور موٹرسائیکلیں سڑک پر چلتی ہیں۔
بس اسٹاپ پر لوگ بسوں سے اُترتے اور چڑھتے ہیں۔

**اساتذہ کے لیے ہدایت:** طلبہ کو تیز رفتار اور آہستہ آمدورفت کے ذریعوں کو پہچاننے میں مدد کریں۔



www.perfect24u.com

ریل گاڑی پٹڑی پر چلتی ہے۔ ریل گاڑیاں ریلوے اسٹیشن پر آتی اور جاتی ہیں۔





پانی کے جہاز سمندر میں چلتے ہیں اور بندرگاہ پر ٹھہرتے ہیں اور روانہ ہوتے ہیں۔

کیا آپ جانتے ہیں کہ بسیں مسافروں کو کہاں سے سوار کرتی اور اُتارتی ہیں؟

---

**سرگرمی:**

خانوں کو مکمل کریں۔

| سواری | وہ کہاں چلتی ہیں | کہاں سے چلتی ہیں اور کہاں ٹھہرتی ہیں |
|---|---|---|
| بسیں | | |
| ریل گاڑیاں | | |
| ہوائی جہاز | | |
| پانی کا جہاز | | |

بس اسٹاپ، ہوائی اڈے، ریلوے اسٹیشن اور بندرگاہوں پر ہونے والے کام۔





- لوگ اپنے سفر کا اختتام اور آغاز کرتے ہیں۔
- لوگ سامان بھیجتے اور وصول کرتے ہیں۔
- لوگ ایک دوسرے کا استقبال کرتے اور الوداع کہتے ہیں۔




www.perfect24u.com

# ٹریفک کے اشارے

ٹریفک کے قوانین ہماری حفاظت کے لیے ہوتے ہیں۔

ہمیں اِن کی پابندی کرنی چاہیے۔

اگر ہم ان کی پابندی نہیں کریں گے تو ہمیں نقصان ہوگا اور ہم کسی دوسرے کو بھی نقصان پہنچا سکتے ہیں۔






www.perfect24u.com



سڑک پار کرنے سے پہلے
اپنے دائیں اور بائیں اور
پھر دائیں طرف دیکھئیے۔



زیبرا کراسنگ سے سڑک پار کیجیے۔



سڑک پار کرتے ہوئے کسی
بھی شخص کا ہاتھ پکڑ لیجیے۔



بس اسٹاپ پر بس کا انتظار کیجیے۔




فٹ پاتھ پر چلیئے۔



www.perfect24u.com

مفت تقسیم کے لئے

## ٹریفک سگنل



## سرگرمیاں:

1۔ ٹریفک سگنل میں رنگ بھریے۔

2۔ خالی جگہ پُر کریں۔

(i) سُرخ بتی بتاتی ہے۔ ______________

(ii) پیلی بتی بتاتی ہے۔ ______________

(iii) سبز بتی بتاتی ہے۔ ______________


3۔ مندرجہ ذیل نظم کو زبانی یاد کیجیے۔

## ٹریفک بتی




سُرخ بتی، سُرخ بتی آپ کیا کہہ رہی ہیں؟

میں کہہ رہی ہوں رُک جاؤ۔



پیلی بتی، پیلی بتی آپ کیا کہہ رہی ہیں؟

میں کہہ رہی ہوں انتظار کرو جب تک سبز نہ ہو جائے۔



سبز بتی، سبز بتی آپ کیا کہہ رہی ہیں؟

میں کہہ رہی ہوں چل پڑو۔

**اساتذہ کے لیے ہدایت:** طلبہ کو سُرخ، پیلی اور سبز بتی کا مطلب سمجھائیے اور مندرجہ بالا نظم زبانی یاد کروائیے۔



www.perfect24u.com

## نویں یونٹ کی اختتامی مشقیں۔

1۔ خالی جگہیں پُر کریں۔

(i) ہوائی جہاز ______________ اُڑتے ہیں۔

(ii) کشتی ______________ میں تیرتی ہے۔

(iii) ریل ______________ پر چلتی ہے۔

(iv) موٹر سائیکل ______________ پر چلتی ہے۔

(v) ہوائی جہاز سے ______________ اُڑتے ہیں۔

(vi) بس لوگوں کو ______________ پر اُتارتی ہے۔

(vii) ریل گاڑی ______________ پر آتی اور جاتی ہے۔

(viii) کشتیاں ______________ سے آتی اور جاتی ہیں۔

2۔ کالم (الف) میں دیئے گئے جملوں کو کالم (ب) میں دیئے گئے رنگوں سے ملایئے۔

| کالم (الف) جملے | کالم (ب) رنگ |
|---|---|
| رُکنے کا اشارہ | سبز |
| انتظار کا اشارہ | لال |
| چلنے کا اشارہ | پیلا |

3۔ مندرجہ ذیل اشارات کا مطلب تحریر کیجیے۔

بائیں مُڑنا ہے۔ سائرن بجانا منع ہے۔ مُوڑنا منع ہے۔ داخلہ منع ہے۔ آہستہ چلیں۔ پارکنگ منع ہے۔

 ______

 ______

 ______

 ______

 ______

 ______



www.perfect24u.com